


# ٱلدُّخَان Ad-Dukhan

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

**The Surah takes its name from the word *dukhan* which occurs in verse 10.**

## Period of Revelation

**Its period of revelation could not be determined from any authentic tradition, but the internal evidence of the subject matter shows that this Surah was revealed in the same period in which Surah Zukhruf and a few other earlier Surahs had been revealed. However, this Surah was sent down somewhat later. Its historical background is this: When the disbelievers of Makkah became more and more**

antagonistic in their attitude and conduct, the Prophet (peace be upon him) prayed: O God, help me with a famine like the famine of Joseph. He thought that when the people would be afflicted with a calamity, they would remember God, their hearts would soften and they would accept the admonition. Allah granted his prayer, and the whole land was overtaken by such a terrible famine that the people were sorely distressed. At last, some of the Quraish chiefs among whom Abdullah bin Masud has particularly mentioned the name of Abu Sufyan came to the Prophet (peace be upon him) and requested him to pray to Allah to deliver his people from the calamity. On this occasion Allah sent down this Surah.

## Subject Matter and Topics

The introduction to the address revealed on this occasion for the admonition and warning of the people of Makkah contained some important points, which are as follows:

1. You, O People of Makkah, are wrong in thinking that the Quran is being composed by Muhammad (peace be upon him). This Book by itself bears the clear testimony that it is not the composition of a man but of Allah, Lord of the worlds.
2. You are making a wrong estimate of the worth of this Book. You think it is a calamity that has descended on you, whereas the Hour when Allah, out of sheer mercy, decided to send His Messenger and His Book to you was highly blessed.
3. You are foolishly involved in the misunderstanding that you will fight this Messenger and this Book and will win,

**whereas the fact is that the Messenger has been raised and the Book sent down in that particular Hour when Allah decides the destinies, and Allah's decisions are not so weak that they may be changed to a person's liking, nor are they based on ignorance and folly that there may be the likelihood of a mistake or error or weakness in them. They are rather the firm and unalterable decisions of the Ruler of the Universe, Who is All Hearing, All Knowing and All Wise. Therefore, they cannot be treated lightly.**

**4. You yourselves acknowledge that Allah alone is the Master and Lord of the earth and heavens and of everything in the Universe and also admit that life and death are only in His power, yet you insist on making others your deities, for which the only argument you offer is that that had been the practice since the time of your forefathers, whereas if a person has the conviction that Allah alone is the Master, Sustainer and Giver of life and death, he can never entertain the doubt that there can also be other gods beside Him, who can be worthy of worship. If your forefathers had committed this folly, there is no reason why you also should continue committing it blindly. As a matter of fact, their Lord too was only One God, Who is your Lord, and they also should have worshiped only Him, Whom you should worship.**

**5. The only demand of Allah's Providence and Mercifulness is not this that He should feed you, but also this that He should arrange guidance for you. For this very guidance He has sent His Messenger and His Book.**

**After this introduction, the question of the famine that was**

raging in Makkah has been discussed. As already mentioned, this famine had occurred on the Prophet's (peace be upon him) prayer, and he had prayed for it so that when the calamity befell it would break the stubbornness of the disbelievers and then they would listen to the rebuke. It looked as if this expectation was being fulfilled to some extent, for some of the most stubborn enemies of the truth, on account of the severities of the famine, had cried out: O Lord, avert this torment from us and we will believe. At this, on the one hand, the Prophet (peace be upon him) has been foretold: These people will not learn any lesson from such calamities. When they have turned away from the Messenger, whose life, character, works and speech clearly show that he is Allah's true Messenger, how will a mere famine help remove their disbelief? On the other hand, the unbelievers have been addressed, so as to say: You lie when you say that you will believe as soon as the torment is removed from you. We shall just remove it to see how sincere you are in your promise. There is a graver disaster about to fall upon you. You need a much more crushing blow. Minor misfortunes cannot set you right.

In this very connection, a reference has been made a little below to Pharaoh and his people, implying that those people also had met with precisely the same trial as the chiefs of the disbelieving Quraish are now afflicted. To them also a similar noble and honorable Messenger had come. They also had seen those express pointers and signs which clearly showed that he had been appointed by Allah.

**They also had gone on witnessing one sign after the other but they did not give up their stubbornness, till at last they made up their mind to put an end to the Messenger's life, and they met their doom, which has since become an object lesson for the people forever.**

**After this the theme of the Hereafter has been taken up, which the disbelievers of Makkah vehemently denied. They said: We have never seen anyone rising back to life after death. Raise our forefathers back to life if you are true in your claim about the life Hereafter. In response to this, two arguments for the Hereafter have been presented briefly:**

**(1) That the denial of this creed has always proved destructive for the morals.**

**(2) That the universe is not a plaything of a thoughtless deity, but it is a wise system and no work of wisdom is ever vain or useless. Then the disbelievers demand to bring their forefathers back to life has been answered, thus: This cannot be done every day to meet the demand of the individuals, but Allah has appointed a time when He will resurrect all mankind simultaneously and will subject them to accountability in His court. If one has to protect himself there, one should think about it here. For, no one will be able to save himself there by his own power, nor by the power of any one else.**

**In connection with this court of Allah, mention has been made of the fate of those who will be declared as culprits and of the rewards of those who will be declared as successful. The discourse has been concluded with this warning: This Quran has been revealed in simple language**

in your own tongue so that you may understand it. Yet if you do not understand it and insist on seeing your evil end, you may wait. Our Prophet is waiting too. Whatever is to happen, will happen at its own appointed time.

## نام

آیت نمبر 10، يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ کے لفظ دُخان کو اس سورۃ کا عنوان بنایا گیا ہے، یعنی یہ وہ سورۃ ہے جس میں لفظ دُخان وارد ہوا ہے۔

## زمانہ نزول

اس کا زمانہ نزول بھی کسی معتبر روایت سے معلوم نہیں ہوتا، مگر مضامین کی اندرونی شہادت بتاتی ہے کہ یہ بھی اسی دور میں نازل ہوئی ہے جس میں سورہ زُخرُف اور اس سے پہلے کی چند سورتیں نازل ہوئی تھیں، البتہ یہ ان سے کچھ متأخر ہے۔ تاریخی پس منظر یہ ہے کہ جب کفار کی مخالفانہ روش شدید سے شدید تر ہوتی چلی گئ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ خدایا، یوسفؑ کے قحط جیسے ایک قحط سے میری مدد فرما۔ حضورؐ کا خیال یہ تھا کہ جب ان لوگوں پر مصیبت پڑے گی تو انہیں خدا یاد آئے گا اور ان کے دل نصیحت قبول کرنے کے لیے نرم پڑ جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا قبول فرمائی اور سارے علاقے میں ایسے زور کا قحط پڑا کہ لوگ بلبلا اٹھے۔ آخر کار بعض سرداران قریش، جن میں حضرت عبداللہ بن مسعود نے خاص طور پر ابو سفیان کا نام لیا ہے حضورؐ کے پاس آئے اور آپؐ سے درخواست کی کہ اپنی قوم کو اس بلا سے نجات دلانے کے لیے اللہ سے دعا کریں۔ یہی موقع ہے جب اللہ تعالیٰ نے یہ سورۃ نازل فرمائی۔

## موضوع اور مباحث

اس موقع پر کفار مکہ کی فہمائش اور تنبیہ کے لیے جو خطبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا گیا اس کی تمہید چند اہم مباحث پر مشتمل ہے۔

اول یہ کہ تم لوگ اس قرآن کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصنیف سمجھنے میں غلطی کر رہے ہو۔ یہ کتاب تو اپنی

ذات میں خود اس امر کی بین شہادت ہے کہ یہ کسی انسان کی نہیں بلکہ خداوند عالم کی کتاب ہے۔

دوسرے یہ کہ تم اس کتاب کی قدر و قیمت سمجھنے میں بھی غلطی کر رہے ہو۔ تمہارے نزدیک یہ ایک بلا ہے جو تم پر نازل ہو گئی ہے۔ حالانکہ در حقیقت وہ گھڑی انتہائی مبارک گھڑی تھی جب اللہ تعالیٰ نے سراسر اپنی رحمت کی بنا پر تمہارے ہاں اپنا رسول بھیجنے اور اپنی کتاب نازل کرنے کا فیصلہ فرمایا۔

تیسرے یہ کہ تم اپنی نادانی سے اس غلط فہمی میں پڑے ہوئے ہو کہ اس رسول اور اس کتاب سے لڑ کر تم جیت جاؤ گے ۔ حالانکہ اس رسول کی بعثت اور اس کتاب کی تنزیل اس ساعت خاص میں ہوئی ہے جب اللہ تعالیٰ قسمتوں کے فیصلے فرمایا کرتا ہے۔ اور اللہ کے فیصلے بودے نہیں ہوتے کہ جس کا جی چاہے انہیں بدل ڈالے، نہ وہ کسی جہالت و نادانی پر مبنی ہوتے ہیں کہ ان میں غلطی اور خامی کا کوئی احتمال ہو۔ وہ تو اس فرمانروائے کائنات کے پختہ اور اٹل فیصلے ہوتے ہیں جو سمیع و علیم اور حکیم ہے۔ ان سے لڑنا کوئی کھیل نہیں ہے۔

چوتھے یہ کہ اللہ کو خود بھی زمین و آسمان اور کائنات کی ہر چیز کا مالک و پروردگار مانتے ہو اور یہ بھی مانتے ہو کہ زندگی و موت اسی کے اختیار میں ہے۔ مگر اس کے باوجود تمہیں دوسروں کو معبود بنانے پر اصرار ہے اور اس کے لیے حجت تمہارے پاس اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ باپ دادا کے وقتوں سے یہی کام ہوتا چلا آ رہا ہے حالانکہ اگر کوئی شخص شعور کے ساتھ یہ یقین رکھتا ہو کہ اللہ ہی مالک و پروردگار اور زندگی و موت کا مختار ہے تو اسے کبھی یہ شبہ تک لاحق نہیں ہو سکتا کہ معبود ہونے کے مستحق اس کے سوا یا اس کے ساتھ دوسرے بھی ہو سکتے ہیں۔ تمہارے باپ دادا نے اگر یہ حماقت کی تھی تو کوئی وجہ نہیں کہ تم بھی آنکھیں بند کر کے اسی کا ارتکاب کرتے چلے جاؤ۔ حقیقت میں تو ان کا رب بھی اکیلا وہی خدا تھا جو تمہارا رب ہے، اور انہیں بھی اسی ایک کی بندگی کرنی چاہیے تھی جس کی بندگی تمہیں کرنی چاہیے۔

پانچویں یہ کہ اللہ کی ربوبیت و رحمت کا تقاضا صرف یہی نہیں ہے کہ تمہارا پیٹ پالے بلکہ یہ بھی ہے کہ تمہاری رہنمائی کا انتظام کرے۔ اسی رہنمائی کے لیے اس نے رسول بھیجا ہے اور کتاب نازل کی ہے۔

اس تمہید کے بعد اس قحط کے معاملے کو لیا گیا ہے جو اس وقت درپیش تھا۔ جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں، یہ قحط نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی استدعا پر آیا تھا، اور حضورؐ نے اس کے لیے دعا اس خیال سے کی تھی کہ مصیبت پڑے گی تو کفار کی اکڑی ہوئی گردنیں ڈھیلی پڑ جائیں گی، شاید کہ پھر حرف نصیحت ان پر کارگر ہو۔ یہ توقع اس وقت کسی حد تک پوری ہوتی نظر آ رہی تھی، کیونکہ بڑے بڑے دشمنان حق پکار اٹھے تھے کہ پروردگار، یہ عذاب ہم پر سے ٹال دے تو ہم ایمان لے آئیں گے۔ اس پر ایک طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا گیا ہے کہ ایسی مصیبتوں سے یہ لوگ کہاں سبق لینے والے ہیں، انہوں نے جب اس رسول کی طرف سے منہ موڑ لیا جس کی زندگی سے، جس کے کردار سے اور جس کے کام اور کلام سے علانیہ ظاہر ہو رہا ہے کہ وہ یقیناً خدا کا رسول ہے، تو اب محض ایک قحط ان کی غفلت کیسے دور کر دے گا۔ دوسری طرف کفار کو مخاطب کرتے ہوئے ارشاد ہوا ہے کہ تم بالکل جھوٹ کہتے ہو کہ یہ عذاب تم پر سے ٹال دیا جائے تو تم ایمان لے آؤ گے۔ ہم اس عذاب کو ہٹائے دیتے ہیں، ابھی معلوم ہوا جاتا ہے کہ تم اپنے اس وعدے میں کتنے سچے ہو۔ تمہارے سر پر تو شامت کھیل رہی ہے۔ تم ایک بڑی ضرب مانگ رہے ہو، ہلکی چوٹوں سے تمہارا دماغ درست نہیں ہو گا۔

اسی سلسلے میں آگے چل کر فرعون اور اس کی قوم کا حوالہ دیا گیا ہے کہ ان لوگوں کو بھی ٹھیک یہی آزمائش پیش آئی تھی جس سے اب کفار قریش کے سرداروں کو سابقہ پڑا ہے۔ ان کے پاس بھی ایسا ہی ایک معزز رسول آیا تھا۔ انہوں نے بھی وہ صریح علامات اور نشانیاں دیکھ لی تھیں جن سے اس کا مامور من اللہ ہونا صاف ظاہر ہو رہا تھا۔ وہ بھی نشانی پر نشانی دیکھتے چلے گئے مگر اپنی ضد سے باز نہ آئے۔ یہاں تک کہ آخر کار رسول کی جان لینے کے درپے ہو گئے اور نتیجہ وہ کچھ دیکھا جو ہمیشہ کے لیے سامان عبرت بن گیا۔

اس کے بعد دوسرا موضوع آخرت کا لیا گیا ہے جس سے کفار مکہ کو شدت کے ساتھ انکار تھا۔ وہ کہتے تھے کہ ہم نے کسی کو مرنے کے بعد دوبارہ اٹھ کر آتے نہیں دیکھا ہے، تم اگر دوسری زندگی کے دعوے میں سچے ہو تو اٹھا لاؤ ہمارے باپ دادا کو۔ اس کے جواب میں عقیدہ آخرت کی دو دلیلیں مختصر طور پر دی گئی ہیں۔ ایک یہ کہ اس عقیدے کا انکار ہمیشہ اخلاق کے لیے تباہ کن ثابت ہوتا رہا ہے۔ دوسرے یہ کہ کائنات کسی

کھلنڈرے کا کھلونا نہیں ہے، بلکہ ایک حکیمانہ نظام ہے، اور حکیم کا کوئی کام عبث نہیں ہوتا۔ پھر کفار کے اس مطالبہ کا کہ اٹھا لاؤ ہمارے باپ دادا کو، یہ جواب دیا گیا ہے کہ یہ کام روز روز ہر ایک کے مطالبہ پر نہیں ہو گا بلکہ اس کے لیے اللہ نے ایک وقت مقرر فرما دیا ہے جب وہ تمام نوع انسانی کو بیک وقت جمع کرے گا اور اپنی عدالت میں ان کا محاسبہ فرمائے گا۔ اس وقت کی اگر کسی کو فکر کرنی ہو تو کر لے، کیونکہ وہاں کوئی نہ اپنے زور پر بچ سکے گا نہ کسی کے بچائے بچے گا۔

اللہ کی اس عدالت کا ذکر کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ جو لوگ وہاں مجرم قرار پائیں گے ان کا انجام کیا ہو گا، اور جو وہاں سے کامیاب ہو کر نکلیں گے وہ کیا انعام پائیں گے۔ پھر یہ کہہ کر بات ختم کر دی گئی ہے کہ تم لوگوں کو سمجھانے کے لیے یہ قرآن صاف سیدھی زبان میں اور تمہاری اپنی زبان میں نازل کر دیا گیا ہے، اب اگر تم سمجھانے سے نہیں سمجھتے اور انجام بد دیکھنے پر مصر ہو تو انتظار کرو، ہمارا نبی بھی منتظر ہے، جو کچھ ہونا ہے وہ اپنے وقت پر سامنے آجائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. |
| حٰمٓ ۚ ﴿۱﴾ | حٰمٓ۔ | 1. Ha. Mim. |
| وَالۡكِتٰبِ الۡمُبِيۡنِ ۙ ﴿۲﴾ | قسم ہے کتاب مبین کی۔ | 2. By the Scripture, manifest. |
| اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ فِىۡ لَيۡلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنۡذِرِيۡنَ ﴿۳﴾ | بیشک نازل فرمایا ہم نے اسکو ایک مبارک رات میں۔ بیشک ہم ہیں خبردار کرنے والے۔ *1 | 3. Indeed, We sent it down in a blessed night. Indeed, We are ever warning. *1 |

*1 The meaning of taking an oath by the lucid Scripture has been explained in E.N.1 of Surah Az-Zukhruf. Here also what has been sworn by is that Muhammad (peace be upon him) is not the author of this Book but We are the

**author, and this Book by itself is enough to provide a proof of that. Furthermore, it has been said that the night in which it was revealed was full of blessings. That is, the foolish and ignorant people, who have no idea of their own well being or otherwise, regard the revelation of this Book as a disaster for themselves and are deeply anxious as how to get rid of it. But, as a matter of fact, the Hour when We decided to send down this Book to arouse the heedless, was highly blessed for them and for all mankind.**

**Some commentators have expressed the opinion that the meaning of sending down the Quran in that night is that its revelation began during that night, and some others think that the whole of the Quran was transferred from Umm-ul-Kitab and entrusted to the bearers of revelation (angels), and then revealed to the Prophet (peace be upon him) as and when required and demanded by the occasion and circumstances during 23 years. As to what actually happened Allah alone has the best knowledge.**

**The night implies the same night which has been called *lailat-ul-qadr* in Surah Al-Qadr, Ayat 1, There it has been said: We sent it down in a night of glory, and here: We sent it down in a blessed night. It was the night of the month of Ramadhan, as it is said in Surah Al-Baqarah, Ayat 185: Ramadhan is the month in which the Quran was revealed.**

**1***کتاب مبین کی قسم کھانے کا مطلب سورہ زخرف حاشیہ نمبر1 میں بیان کیا جا چکا ہے ۔ یہاں بھی قسم جس بات پر کھائی ہے وہ یہ ہے کہ اس کتاب کے مصنف محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہیں بلکہ ''ہم'' ہیں، اور اس کا ثبوت کہیں اور ڈھونڈنے کی ضرورت نہیں، خود یہ کتاب ہی اس کے ثبوت کے لیے کافی ہے ۔ اس کے بعد مزید بات یہ فرمائی گئی کہ وہ بڑی خیر و برکت والی رات تھی جس میں اس کو نازل کیا گیا۔ یعنی نادان

لوگ، جنہیں اپنی بھلائی برائی کا شعور نہیں ہے، اس کتاب کی آمد کو اپنے لیے بلائے ناگہانی سمجھ رہے ہیں اور اس سے پیچھا چھڑانے کی فکر میں غلطاں وپیچاں ہیں۔ لیکن در حقیقت ان کے لیے اور تمام نوع انسانی کے لیے وہ ساعت بڑی سعید تھی جب ''ہم'' نے غفلت میں پڑے ہوئے لوگوں کو چونکانے کے لیے یہ کتاب نازل کرنے کا فیصلہ کیا۔

اس رات میں قرآن نازل کرنے کا مطلب بعض مفسرین نے یہ لیا ہے کہ نزول قرآن کا سلسلہ اس رات شروع ہوا۔ اور بعض مفسرین اس کا مطلب یہ لیتے ہیں کہ اس میں پورا قرآن اُمّ الکتاب سے منتقل کر کے حامل وحی فرشتوں کے حوالہ کر دیا گیا اور پھر وہ حالات و وقائع کے مطابق حسب ضرورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر 23 سال تک نازل کیا جاتا رہا۔ صحیح صورت معاملہ کیا ہے، اسے اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

اس رات سے مراد وہی رات ہے جسے سورۃ القدر میں لیلۃ القدر کہا گیا ہے۔ وہاں فرمایا گیا کہ : اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰهُ فِىۡ لَيۡلَةِ الۡقَدۡرِ، اور یہاں فرمایا کہ : اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰهُ فِىۡ لَيۡلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ۔ پھر یہ بات بھی قرآن مجید ہی میں بتادی گئی ہے کہ وہ ماہ رمضان کی ایک رات تھی : شَهۡرُ رَمَضَانَ الَّذِىۡٓ اُنۡزِلَ فِيۡهِ الۡقُرۡاٰنُ (البقرہ، 185)۔

| | | |
|---|---|---|
| فِيۡهَا يُفۡرَقُ كُلُّ اَمۡرٍ حَكِيۡمٍۙ ﴿٤﴾ | اسی میں تفریق کی جاتی ہے ہر پرحکمت کام کی۔*2 | 4. Wherein is made distinct every wise command. *2 |

*2 The word *amr-in-hakim as* used in the text has two meanings:

(1) That the command is entirely based on wisdom: there is no likelihood of any error or weakness in it.

(2) That it is a firm and stable decision: it lies in no one's power to change it.

*2 اصل میں لفظ ''اَمۡرٍ حَكِيۡمٍ'' استعمال ہوا ہے جس کے دو معنی ہیں۔ ایک یہ کہ وہ حکم سراسر حکمت پر مبنی ہوتا ہے، کسی غلطی یا خامی کا اس میں کوئی امکان نہیں۔ دوسرے یہ کہ وہ ایک پختہ اور محکم فیصلہ ہوتا ہے، اسے بدل دینا کسی کے بس میں نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 5. A command from Us. *3 Indeed, We are ever sending. | ایک حکم ہماری طرف سے *3 ۔ بیشک ہم ہیں بھیجنے والے ۔ | اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرۡسِلِيۡنَ ۚ‏ ﴿۵﴾ |

*3 In Surah Al-Qadr, this same thing has been expressed thus: The angels and the Spirit (Angel Gabriel) descend in it with every decree, by the leave of their Lord. This shows that it is such a night in the divine administration of Allah in which He decides the destinies of the individuals and nations and countries and entrusts His decisions to His angels, who then implement them accordingly. Some commentators among whom Ikrimah is most prominent, have been involved in the misunderstanding that this is the 15th night of Shaban, for in some traditions it has been said that the destinies of people are decided during that night. But Ibn Abbas, Ibn Umar, Mujahid, Qatadah, Hasan Basri, Saeed bin Jubair, Ibn Zaid, Abu Malik, Dahhak and many other commentators agree that this is the same night of Ramadan, which has been called *lailat-ul-qadr*, for the Quran itself has stated this, and where any Quranic statement exists, no other view can be formed on the basis of random reports. Ibn Kathir says: The traditions that Imam Zuhri has related from Uthman bin Muhammad that destinies are decided from one Shaban to the next Shaban is an indirect tradition and such traditions cannot be cited as against the clear texts of the Quran. Qadi Abu Bakr Ibn al-Arabi says: No Hadith in respect of the 15th of Shaban is reliable, either in respect of its merit, or about this that decisions with regard to the destinies are taken in it; therefore, they do not merit attention, (Ahkam ul-Quran).

*3 سورہ قدر میں یہی مضمون اس طرح بیان کیا گیا ہے : تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ الرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ '' اس رات ملائکہ اور جبریل اپنے رب کے اِذن سے ہر طرح کا حکم لے کر اترتے ہیں۔'' اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے شاہی نظم ونسق میں یہ ایک ایسی رات ہے جس میں وہ افراد اور قوموں اور ملکوں کی قسمتوں کے فیصلے کر کے اپنے فرشتوں کے حوالے کر دیتا ہے۔ اور پھر وہ انہی فیصلوں کے مطابق عملدرآمد کرتے رہتے ہیں۔ بعض مفسرین کو جن میں حضرت عکرمہ سب سے زیادہ نمایاں ہیں، یہ شبہ لاحق ہوا ہے کہ یہ نصف شعبان کی رات ہے، کیوں کہ بعض احادیث میں اسی رات کے متعلق یہ بات منقول ہوئی ہے کہ اس میں قسمتوں کے فیصلے کیے جاتے ہیں۔ لیکن ابن عباس، ابن عمر، مجاہد، قتادہ، حسن بصری، سعید بن جبیر، ابن زید، ابو مالک، ضحاک اور دوسرے بہت سے مفسرین اس بات پر متفق ہیں کہ یہ رمضان کی وہی رات ہے جسے لیلۃ القدر کہا گیا ہے، اس لیے کہ قرآن مجید خود اس کی تصریح کر رہا ہے، اور جہاں قرآن کی صراحت موجود ہو وہاں دوسری خبروں کی بناء پر کوئی دوسری رائے نہیں قائم کی جا سکتی۔ ابن کثیر کہتے ہیں کہ '' عثمان بن محمد کی جو روایت امام زہری نے شعبان سے شعبان تک قسمتوں کے فیصلے ہونے کے متعلق نقل کی ہے وہ ایک مرسل روایت ہے، اور ایسی روایات نصوص کے مقابلے میں نہیں لائی جا سکتیں۔'' قاضی ابوبکر ابن العربی کہتے ہیں کہ '' نصف شعبان کی رات کے متعلق کوئی حدیث قابل اعتماد نہیں ہے، نہ اس کی فضیلت کے بارے میں اور نہ اس امر میں کہ اس رات قسمتوں کے فیصلے ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان کی طرف التفات نہیں کرنا چاہیے''۔ (احکام القرآن)

| | | |
|---|---|---|
| رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۙ ﴿٦﴾ | ایک رحمت تیرے رب کیطرف سے۔ *4 بیشک وہی ہے سننے والا جاننے والا۔ *5 | 6. A mercy from your Lord. *4 Indeed, He is the All Hearer, the All Knower. *5 |

*4 That is, it was not only a demand of wisdom to send a Messenger with this Book but also of Allah's mercy, for He is the Provider, and Provider requires that not only should

arrangements be made for nourishing the servants' bodies but they should also be afforded right guidance by knowledge, that they should be made aware of the distinction between right and wrong and that they should not be left wandering in darkness.

*4یعنی یہ کتاب دے کر ایک رسول کو بھیجنا نہ صرف حکمت کا تقاضا تھا، بلکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا تقاضا بھی تھا، کیونکہ وہ رب ہے اور ربوبیت صرف اسی بات کی متقاضی نہیں ہے کہ بندوں کے جسم کی پرورش کا سامان تو کیا جائے اور ھدایت کے معاملے میں انہیں تاریکی میں بھٹکتا چھوڑ دیا جائے۔

*5 The object of mentioning these two attributes of Allah in this context is to warn the people of the truth that He alone can give correct knowledge for He alone knows all the realities. Not to speak of one man, even if all men join to determine a way of life for themselves, there can be no guaranty of its being the right way, for even the entire mankind together cannot become all-hearing and all-knowing. It does not lie in its power to comprehend all those realities whose knowledge is essential for determining a correct way of life. This knowledge is only with Allah. He alone is All-Hearing and All-Knowing. Therefore, He alone can tell what is guidance for man and what is falsehood, what is the truth and what is wrong, what is good and what is evil.

*5 اس سیاق و سباق میں اللہ تعالیٰ کی ان دو صفات کو بیان کرنے سے مقصود لوگوں کو اس حقیقت پر متنبہ کرنا ہے کہ صحیح علم صرف وہی دے سکتا ہے، کیونکہ تمام حقائق کو وہی جانتا ہے۔ ایک انسان تو کیا، سارے انسان مل کر بھی ایک سمیع و علیم نہیں بنتے۔ اس کے بس میں یہ ہے ہی نہیں کہ ان تمام حقائق کا احاطہ کرے جن کا جاننا ایک صحیح راہ حیات متعین کرنے کے لیے ضروری ہے۔ یہ علم صرف اللہ کے پاس ہے

۔وہی سمیع و علیم ہے، اس لیے وہی یہ بتا سکتا ہے کہ انسان کے لیے ہدایت کیا ہے اور ضلالت کیا، حق کیا ہے اور باطل کیا، خیر کیا ہے اور شر کیا ہے۔

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَیۡنَہُمَا ۘ اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِیۡنَ ﴿۷﴾

رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ہے ان دونوں کے درمیان۔ اگر تم ہو یقین کرنے والے۔ *6

7. Lord of the heavens and the earth and whatever is between them. If you are certain in faith. *6

*6 The Arabs themselves admitted that Allah alone is the Lord (Master and Provider) of the Universe and of everything in it. Therefore, it has been said to them: If you are not admitting only verbally but are really conscious of His being the Provider and are convinced of His being the Master, you should admit that:

(1) It is the very demand of His Mercifulness and Providence that He should send a Book and a Messenger for the guidance of man.

(2) It is His right as the Master and your duty as His servants that you should obey every guidance and submit to every command that comes from Him.

*6اہل عرب خود اقرار کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ہی کائنات اور اس کی ہر چیز کا رب (مالک و پروردگار) ہے۔ اس لیے ان سے فرمایا گیا کہ اگر تم بے سوچے سمجھے محض زبان ہی سے یہ اقرار نہیں کر رہے ہو، بلکہ تمہیں واقعی اس کی پروردگاری کا شعور اور اس کے مالک ہونے کا یقین ہے، تو تمہیں تسلیم کرنا چاہیے کہ

(1) انسان کی رہنمائی کے لیے کتاب اور رسول کا بھیجنا اس کی شان رحمت و پروردگاری کا عین تقاضا ہے، اور

(2) مالک ہونے کی حیثیت سے یہ اس کا حق اور مملوک ہونے کی حیثیت سے یہ تمہارا فرض ہے کہ اس کی طرف سے جو ہدایت آئے اسے مانو اور جو حکم آئے اس کے آگے سر اطاعت جھکا دو۔

| | | |
|---|---|---|
| 8. There is no god but Him.*7 He gives life and He causes death.*8 Your Lord and Lord of your forefathers before. *9 | نہیں معبود سوائے اسکے *7 وہ زندگی دیتا ہے اور وہ موت دیتا ہے *8 تمہارا رب اور رب تمہارے آباؤ اجداد کا پچھلے ۔ *9 | لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ؕ رَبُّكُمْ وَ رَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾ |

*7 The real God Who alone has the right that He should be worshiped and served.

*7 معبود سے مراد ہے حقیقی معبود جس کا حق یہ ہے کہ اس کی عبادت (بندگی و پرستش) جائے۔

*8 That is, there is no god other than Allah, nor can there be. Therefore, it is against reason that you should disdain the worship of Him Who breathed life into dead matter and made you a living man. And Who possesses full powers to keep you alive as long as He likes and bring your life to an end whenever He likes. So, it is against reason that you serve any other than Him, or start worshiping others besides Him.

*8 یہ دلیل ہے اس امر کی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور نہیں ہوسکتا ۔ اس لیے کہ یہ بات سراسر عقل کے خلاف ہے کہ جس نے بے جان مادوں میں جان ڈال کر تم کو جیتا جاگتا انسان بنایا، اور جو اس امر کے کلی اختیارات رکھتا ہے کہ جب تک چاہے تمہاری اس زندگی کو باقی رکھے اور جب چاہے اسے ختم کر دے، اس کی تم بندگی نہ کرو، یا اس کے سوا کسی اور کی بندگی کرو، یا اس کے ساتھ دوسروں کی بندگی بھی کرنے لگو۔

*9 There is a subtle allusion in it to this: He is also Lord of those of your ancestors who took other gods besides Allah; they had not done the right thing by giving up their real Lord and serving others that you should be justified in imitating them and regard their conduct as an argument

for the soundness of your creed. They ought to have served only Him, because He alone is their Lord.

*9 اس میں ایک لطیف اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ تمہارے جن اسلاف نے اس کو چھوڑ کر دوسرے معبود بنائے، ان کا رب بھی حقیقت میں وہی تھا۔انھوں نے اپنے اصلی رب کے سوا دوسروں کی بندگی کر کے کوئی صحیح کام نہ کیا تھا کہ ان کی تقلید کرنے میں تم حق بجانب ہو اور ان کے فعل کو اپنے مذہب کے درست ہونے کی دلیل ٹھیرا سکو۔ ان کو لازم تھا کہ وہ صرف اسی کی بندگی کرتے کیونکہ وہی ان کا رب تھا۔ لیکن اگر انھوں نے ایسا نہیں کیا تو تمہیں لازم ہے کہ سب کی بندگی چھوڑ کر اسی ایک کی بندگی اختیار کرو کیونکہ وہی تمہارا رب ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 9. But they are in doubt, playing. *10 | لیکن وہ شک میں کھیل رہے ہیں۔ *10 | بَلۡ هُمۡ فِىۡ شَكٍّ يَّلۡعَبُوۡنَ ۝٩ |

*10 In this brief sentence an allusion has been made to an important truth. Even atheists or polytheists do come across occasions when their being from within says: There is somewhere some weakness in the creed that we have adopted. The atheist may apparently be very firm in his denial of God, his heart at one or the other time does bear the testimony that this wonderful and wise system which extends from the particle of dust to the galaxies and from a blade of grass to the creation of man, could not come into existence without an All-Wise Designer. Likewise, a polytheist may be deeply submerged in his polytheism, his heart also sometimes cries out: Those whom you have adopted as deities cannot be God. But this testimony of the heart neither leads the atheist nor the polytheist to the conviction about the existence and Oneness of God, nor to conviction and satisfaction about their creed of atheism and

**polytheism itself. Instead, their religion, in fact, is based on doubt, no matter how convinced they might appear to be of its truth. As for the question: Why doesn’t this doubt make them restless and why don’t they seek the truth seriously so as to obtain a satisfactory ground for their convictions? The answer is: they lack seriousness in religious matters. What they really regard as important are the worldly earnings and acquisitions and their enjoyment, in search of which they expend all their powers and abilities of the heart and mind and body. As for the religious matters, they are in fact no more than fun, a mere pastime, amusement, or a mental diversion for them, for which they cannot spare even a few moments of serious study. Religious rites are being performed as an entertainment; discussions about denial and atheism are being engaged in as an amusement. No one can spare a few moments from his worldly pursuits to consider whether he has turned away from the truth, and if so, what would be its consequences.**

**10***اس مختصر سے فقرے میں ایک بڑی اہم حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ دہریے ہوں یا مشرکین، ان سب پر وقتاً فوقتاً ایسی ساعتیں آتی رہتی ہیں جب ان کا دل اندر سے کہتا ہے کہ جو کچھ تم سمجھے بیٹھے ہو اس میں کہیں نہ کہیں جھول موجود ہے۔ دہریہ اپنے انکار خدا میں بظاہر خواہ کتنا ہی سخت ہو، کسی نہ کسی وقت اس کا دل یہ شہادت دے گزرتا ہے کہ خاک کے ایک ذرے سے لے کر کہکشانوں تک اور گھاس کی ایک پتی سے لے کر انسان کی تخلیق تک یہ حیرت انگیز، حکمت سے لبریز نظام کسی صانع حکیم کے بغیر وجود میں نہیں آسکتا۔ اسی طرح ایک مشرک اپنے شرک میں خواہ کتنا ہی گہرا ڈوبا ہوا ہو، کبھی نہ کبھی اس کا دل بھی یہ پکار اٹھتا ہے کہ جنہیں میں معبود بنائے بیٹھا ہوں یہ خدا نہیں ہوسکتے۔ لیکن اس قلبی شہادت کا نتیجہ نہ تو یہ ہوتا ہے کہ انہیں خدا کے وجود اور اس کی توحید کا یقین حاصل ہو جائے، نہ یہی ہوتا ہے کہ انہیں اپنے شرک اور اپنی

دہریت میں کامل یقین واطمینان حاصل رہے۔ اس کے بجائے ان کا دین در حقیقت شک پر قائم ہوتا ہے خواہ اس میں یقین کی کتنی ہی شدت وہ دکھا رہے ہوں۔ اب رہا یہ سوال کہ یہ شک ان کے اندر بے چینی کیوں نہیں پیدا کرتا، اور وہ سنجیدگی کے ساتھ حقیقت کی جستجو کیوں نہیں کرتے کہ یقین کی اطمینان بخش بنیاد انہیں مل سکے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ دین کے معاملے میں سنجیدگی ہی سے تو وہ محروم ہوتے ہیں۔ ان کی نگاہ میں اصل اہمیت صرف دنیا کی کمائی اور اس کے عیش کی ہوتی ہے جس کی فکر میں وہ اپنے دل اور دماغ اور جسم کی ساری طاقتیں خرچ کر ڈالتے ہیں۔ رہے دین کے مسائل، تو وہ حقیقت میں ان کے لیے ایک کھیل، ایک تفریح، ایک ذہنی عیاشی کے سوا کچھ نہیں ہوتے جن پر سنجیدگی کے ساتھ چند لمحے بھی وہ غور و فکر میں صرف نہیں کر سکتے۔ مذہبی مراسم ہیں تو تفریح کے طور پر ادا کیے جا رہے ہیں۔ انکار و دہریت کی بحثیں ہیں تفریح کے طور پر کی جا رہی ہیں۔ دنیا کے مشاغل سے اتنی فرصت کسے ہے کہ بیٹھ کر یہ سوچے کہ کہیں ہم حق سے منحرف تو نہیں ہیں اور اگر حق سے منحرف ہیں تو اس کا انجام کیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 10. Then wait for the Day when the sky shall appear with a visible smoke. | تو انتظار کرو اس دن کا جب نمودار ہو گا آسمان صاف دھوئیں کے ساتھ۔ | فَارۡتَقِبۡ يَوۡمَ تَاۡتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيۡنٍۙ ﴿۱۰﴾ |
| 11. That will cover the people. This is a painful punishment. | جو چھا جائے گا لوگوں پر۔ یہ ہے ایک دردناک عذاب۔ | يَّغۡشَى النَّاسَ‌ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۱۱﴾ |
| 12. Our Lord, relieve us of the punishment, indeed we believe. | ہمارے رب نجات دے ہمیں عذاب سے۔بیشک ہم ایمان لائے۔ | رَبَّنَا اكۡشِفۡ عَنَّا الۡعَذَابَ اِنَّا مُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۲﴾ |
| 13. How can there be for them | کہاں ہوگی انکے لئے نصیحت | اَنّٰى لَهُمُ الذِّكۡرٰى وَقَدۡ |

| | | |
|---|---|---|
| admonition, while has come to them a clear messenger. *11 | جبکہ آچکا انکے پاس ایک واضح رسول۔ *11 | جَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ مُّبِيۡنٌ ۙ﴿۱۳﴾ |

*11 *Rasul-i-mubin* has two meanings:
(1) His being a Messenger is quite evident from his character, his morals and his works.
(2) He has made every effort to make the truth plain and clear.

11*رسولِ مبین کے دو مطلب ہیں۔ ایک یہ کہ اس کا رسول ہونا اس کی سیرت، اس کے خلاق و کردار اور اس کے کارناموں سے بالکل عیاں ہے۔ دوسرے یہ کہ اس نے حقیقت کو کھول کھول کر بیان کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 14. Then they turned away from him and said: One taught by others, a madman. *12 | پھر وہ پھر گئے اس سے اور کہنے لگے یہ تو دوسروں کا پڑھایا ہوا ہے دیوانہ۔ *12 | ثُمَّ تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَ قَالُوۡا مُعَلَّمٌ مَّجۡنُوۡنٌ ۘ﴿۱۴﴾ |

*12 What they meant was: this was a simple man, some others have incited and deceived him. They secretly forge and teach him verses of the Quran, and he comes and recites them before the people. They sit back in peace and leave him alone to receive the abuses and be pelted with stones. They would make a mockery of all the arguments, the admonitions and the serious teachings which the Prophet (peace be upon him) had been presenting since several years and was growing weary. Neither they paid any attention to the rational things being expressed in the Quran nor recognized the extraordinary character of the

man who was presenting them, nor took any trouble to think what nonsense they were uttering when they imputed such things to the Prophet (peace be upon him). Obviously, if there had been another person who gave secret instruction to the Prophet (peace be upon him), he could not have remained hidden from Khadijah and Abu Bakr, Ali and Zaid bin Harithah and other early Muslims, who were the closest and constant companions of the Prophet (peace be upon him). Then, how it is that these very people only became his most devoted and dedicated followers, whereas if the business of prophethood had depended on the secret instruction of some other person, these very people would have been in the forefront to oppose him (For further explanation, see Surah An-Nahl, Ayat 103; Surah Al-Furqan, Ayats 4-6 and the corresponding E.Ns).

*12 ان کا مطلب یہ تھا یہ بے چارہ تو سیدھا آدمی تھا، کچھ دوسرے لوگوں نے اسے دھوکے میں ڈال دیا، وہ در پردہ قرآن کی آیتیں گھڑ گھڑ کر اسے پڑھا دیتے ہیں، یہ آکر عام لوگوں کے سامنے انہیں پیش کر دیتا ہے، وہ مزے سے بیٹھے رہتے ہیں، اور یہ گالیاں اور پتھر کھاتا ہے۔ اس طرح ایک چلتا ہو فقرہ کہہ کر وہ ان ساری دلیلوں اور نصیحتوں اور سنجیدہ تعلیمات کو اڑا دیتے تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برسوں سے ان کے سامنے پیش کر کر کے تھکے جا رہے تھے۔ وہ نہ ان معقول باتوں پر کوئی توجہ کرتے تھے جو قرآن مجید میں بیان کی جا رہی تھیں۔ نہ یہ دیکھتے تھے کہ جو شخص یہ باتیں پیش کر رہا ہے وہ کس پائے کا آدمی ہے۔ اور نہ یہ الزام رکھتے وقت ہی وہ کچھ سوچنے کی زحمت گوارا کرتے تھے کہ ہم یہ کیا بکواس کر رہے ہیں۔ ظاہر بات ہے کہ اگر کوئی دوسرا شخص در پردہ بیٹھ کر سکھانے پڑھانے والا ہوتا تو وہ حضرت خدیجہؓ اور ابوبکرؓ اور علیؓ اور زیدؓ بن حارثہ اور دوسرے ابتدائی مسلمانوں سے آخر کیسے چھپ جاتا جن سے بڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب اور ہر وقت کا ساتھی کوئی نہ تھا۔ پھر کیا وجہ ہے کہ یہی لوگ سب سے بڑھ کر حضورؐ کے گرویدہ اور عقیدت مند

تھے، حالانکہ درپردہ کسی دوسرے شخص کے سکھانے پڑھانے سے نبوت کا کاروبار چلایا گیا ہوتا تو یہی لوگ آپؐ کی مخالفت میں سب سے پیش پیش ہوتے۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، سورۃ النحل آیت 103، سورۃ الفرقان آیت 6-4، اوران کا حاشیہ)۔

| | | |
|---|---|---|
| 15. Indeed, We shall remove the punishment for a while. Indeed, you will revert. | بس ہم ہٹا دیتے ہیں عذاب تھوڑی دیر کو یقیناً تم پھر پلٹ جاؤ گے۔ | اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾ |
| 16. The Day We shall seize with the greatest seizure. Indeed, We shall take vengeance. *13 | جس دن ہم گرفت کریں گے بڑی سخت گرفت۔ بیشک ہم انتقام لیں گے۔ *13 | يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾ |

*13 The commentators have seriously disputed the meaning of these verses, and the difference of opinion existed even in the time of the companions. Masruq, the well-known student of Abdullah bin Masud, states: One day when we entered the mosque of Kufah, we saw a preacher addressing the people. He recited the verse: *Yauma tatis-sama-u bidukhan-im-mubin*, then asked: Do you know what kind of smoke it is? This smoke will appear on the Day of Resurrection and will make the disbelievers and the hypocrites blind and deaf, but the believers will be affected only to the extent as if they had caught cold. Hearing this commentary we went to Abdullah bin Masud and reported to him what the preacher had said. Abdullah at that time was lying down. On hearing this commentary he sat up startled and said: When a person does not have the

**knowledge, he should ask those who have it. The fact is that when the people of the Quraish went on refusing to accept Islam and continued to oppose the Prophet (peace be upon him), the Prophet (peace be upon him) prayed: O God, help me with a famine like the famine of Joseph (peace be upon him); consequently, a very severe famine overtook Makkah and the people were forced to eat bones, skins and carrion. The conditions became so bad that whoever looked up to the sky would see nothing but smoke due to intensity of hunger. At last, Abu Sufyan came to the Prophet (peace be upon him) and said: You tell the people to treat their kindred kindly, your own people are starving, kindly pray to God to remove this calamity. This was the time when the people of the Quraish had started saying: O God, if You remove this torment from us, we will believe. This same event has been referred to in these verses; and the severest blow implies the calamity that was inflicted on the Quraish in the Battle of Badr. This tradition has been related by Imam Ahmad, Bukhari Tirmidhi, Nasai, Ibn Jarir and Ibn Abi Hatim from Masruq with several chains of authorities. Besides Masruq, Ibrahim Nakhai Qatadah, Asim and Amir have also related that Abdullah bin Masud had given the same commentary of this verse. Therefore there cannot be any doubt that Ibn Masud actually held this same opinion. Among the immediate followers of the companions, Mujahid, Qatadah. Abul Aliyah, Muqatil, Ibrahim Nakhai, Dahhak and Atiyyah al-Aufi and others have also concurred with Ibn Masud in this commentary.**

**On the contrary, scholars like Ali, Ibn Umar, Ibn Abbas,**

**Abu Saeed Khudri, Zaid bin Ali, and Hasan Basri say that in these verses mention has been made of the time just before Resurrection, and the smoke that has been foretold will envelop the earth at that time. This commentary is further strengthened by the traditions that have been reported from the Prophet (peace be upon him). Hudhaifah bin Asid al-Ghifari says: One day when we were talking about Resurrection, the Prophet (peace be upon him) came out to us and said: Resurrection will not be established till ten signs have appeared one after the other: Rising of the sun in the west, smoke, the beast, emergence of Gog and Magog, descent of Jesus son of Mary, sinking of the earth in the East, in the West and in the Arabian Peninsula, and the appearance of a fire from Yemen, which will drive the people away. (Muslim) This is confirmed by Abu Malik Ashari's tradition which has been related by Ibn Jarir and Tabarani, and Abu Said Khudri's tradition which has been related by Ibn Abi Hatim. Both these traditions show that the Prophet (peace be upon him) regarded the smoke as one of the signs of Resurrection and also said that when that smoke will spread, it will affect the believer only like a cold, but will infuse every nerve of the disbeliever and come out from every part of his body.**

**A study of the verses under consideration can remove the disparity between the two commentaries. As for the commentary of Abdullah bin Masud, it is a fact that a severe famine had hit Makkah resulting from the Prophet's (peace be upon him) prayer and it had unnerved the disbelievers considerably and they had requested the**

Prophet (peace be upon him) to pray for its removal, as referred to at several places in the Quran. (See Surah Al-Anaam, Ayat 43; Surah Al-Aaraf, Ayats 94-95; Surah Younus, Ayat 21; Surah Al-Muminun, Ayats 75-77 and the corresponding E.Ns). In these verses also there is a clear pointer to the same conditions. The disbeliever are saying: Our Lord, remove this torment from us, we will believe. Allah is saying: How can they rid themselves of their heedlessness? Even when a manifest Messenger came to them, they paid no heed to him, and said: He is a madman taught by others. Then Allah is saying: Were We to remove the torment a little, you would revert to the same that you were doing before. All this can be relevant only if it refers to the conditions of the Prophet's (peace be upon him) time. To apply them to what will happen near the time of Resurrection, is not correct. Therefore, in view of this, Abdullah bin Masud's commentary seems to be correct, but its this part that "the smoke" also had appeared in that very time, in that when the people in their extreme state of hunger looked up to the sky, they could see nothing but smoke, does not seem to be correct. It also does not conform to the apparent words of the Quran and is against the traditions as well. The Quran does not say: The sky brought forth the smoke and it spread over the people; but it says: Wait for the day when the sky will appear with a visible smoke, and it will envelop mankind. A study of the subsequent verses clearly points to this meaning: When you do not believe even after the Messenger's admonition, nor take heed from the warning given in the shape of the

**famine, then you should wait for Resurrection. At that time when you see your doom confronting you, you will fully realize what was the truth and what was falsehood. Therefore, as for the smoke, the correct view is that it has nothing to do with the time of the famine, but it is a sign of Resurrection and the same is also confirmed by the Hadith.**

**13***ان آیات کے مفہوم میں مفسرین کے درمیان بڑا اختلاف واقع ہوا ہے اور یہ اختلاف صحابہ کرام کے زمانے میں بھی پایا جاتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے مشہور شاگرد مسروق کہتے ہیں کہ ایک روز ہم کوفے کی مسجد میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ ایک واعظ لوگوں کے سامنے تقریر کر رہا ہے۔ اس نے آیت: یَوۡمَ تَاۡتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیۡنٍ پڑھی، پھر کہنے لگا، جانتے ہو یہ کیسا دھواں ہے؟ یہ دھواں قیامت کے روز آئے گا اور کفار و منافقین کو اندھا بہرا کر دے گا، مگر اہل ایمان پر اس کا اثر بس اس قدر ہوگا کہ جیسے زکام لاحق ہوگیا ہو۔ اس کی یہ بات سن کر ہم حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس گئے اور ان سے واعظ کی یہ تفسیر بیان کی۔ حضرت عبداللہ لیٹے ہوئے تھے۔ یہ تفسیر سن کر گھبرا کے اٹھ بیٹھے اور کہنے لگے کہ آدمی کو علم نہ ہو تو اسے جاننے والوں سے پوچھ لینا چاہیے۔ اصل بات یہ ہے کہ جب قریش کے لوگ اسلام قبول کرنے سے انکار اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرتے ہی چلے گئے تو حضورؐ نے دعا کی کہ خدایا یوسف علیہ السلام کے قحط جیسے قحط سے میری مدد فرما۔ چنانچہ ایسا شدید قحط پڑا کہ لوگ ہڈیاں اور چمڑا اور مردار تک کھا گئے۔ اس زمانے میں حالت یہ تھی کہ جو شخص آسمان کی طرف دیکھتا تھا اسے بھوک کی شدت میں بس دھواں ہی دھواں نظر آتا تھا۔ آخر کار ابو سفیان نے آکر حضورؐ سے کہا کہ آپؐ تو صلہ رحمی کی دعوت دیتے ہیں۔ آپؐ کی قوم بھوکوں مر رہی ہے۔ اللہ سے دعا کیجیے کہ اس مصیبت کو دور کر دے۔ یہی زمانہ تھا جب قریش کے لوگ کہنے لگے تھے کہ خدایا ہم پر سے یہ عذاب دور کر دے تو ہم ایمان لے آئیں گے۔ اسی واقعہ کا ذکر ان آیات میں کیا گیا ہے۔ اور بڑی ضرب سے مراد وہ ضرب ہے جو آخر کار جنگ بدر کے روز قریش کو لگائی گئی۔ یہ روایت امام احمد، بخاری، ترمذی، نسائی، ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے متعدد سندوں کے ساتھ مسروق سے نقل

کی ہے۔ اور مسروق کے علاوہ ابراہیم نخعی ،قتادہ، عاصم اور عامر کا بھی یہی بیان ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اس آیت کی یہ تفسیر ارشاد فرمائی تھی۔ اس لیے اس امر میں کوئی شک نہیں رہتا کہ حضرت موصوف کی رائے فی الواقع یہی تھی۔ تابعین میں سے مجاہد، قتادہ، ابو العالیہ ، مقاتل، ابراہیم النخفی، ضحاک اور عطیۃ الغوفی وغیرہ حضرات نے بھی اس تفسیر میں حضرت عبداللہ بن مسعود سے اتفاق کیا ہے۔

دوسری طرف حضرت علی، ابن عمر، ابن عباس ، ابو سعید خدری ، زید بن علی اور حسن بصری جیسے اکابر کہتے ہیں کہ ان آیات میں سارا ذکر قیامت کے قریب زمانے کا کیا گیا ہے اور وہ دھواں جس کی خبر دی گئی ہے ، اسی زمانے میں زمین پر چھائے گا۔ مزید تقویت اس تفسیر کو ان روایات سے ملتی ہے جو خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔ خذیفہ بن سید الغفاری کہتے ہیں کہ ایک روز ہم قیامت کے متعلق آپس میں گفتگو کر رہے تھے۔ اتنے میں حضورؐ برآمد ہوئے اور فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی جب تک دس علامات یکے بعد دیگرے ظاہر نہ ہولیں گی : سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ۔ دھواں۔ دابہ ۔ یاجوج و ماجوج کا خروج، عیسی ابن مریم کا نزول۔ زمین کا دھنسنا مشرق میں ، مغرب میں اور جزیرۃالعرب میں۔ اور عدن سے آگ کا نکلنا جو لوگوں کو ہانکتی ہوئی لے جائے گی ( مسلم ) ۔ اسی کی تائید ابو مالک اشعری کی وہ روایت کرتی ہے جسے ابن جریر اور طبرانی نے نقل کیا ہے، اور ابو سعید خدری کی روایت جسے ابن ابی حاتم نے نقل کیا ہے ۔ ان دونوں روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دھوئیں کو علامات قیامت میں شمار کیا ہے، اور یہ بھی حضورؐ نے فرمایا ہے کہ وہ دھواں جب چھائے گا تو مومن پر اس کا اثر صرف زکام جیسا ہوگا، اور کافر کی نس نس میں وہ بھر جائے گا اور اس کی ہر سانس سے نکلے گا۔

ان دونوں تفسیروں کا تعارض اوپر کی آیات پر غور کرنے سے بآسانی رفع ہوسکتا ہے۔ جہاں تک حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی تفسیر کا تعلق ہے، یہ امر واقعہ ہے کہ مکہ معظمہ میں حضورؐ کی دعا سے سخت قحط رونما ہوا تھا جس سے کفار کی مخالفت ماند پڑ گئی تھی، اور انہوں نے اسے رفع کرانے کے لیے حضورؐ سے دعا کی درخواست کی تھی۔ اس واقعہ کی طرف قرآن مجید میں متعدد مقامات پر اشارے کیے گئے ہیں (ملاحظہ ہو تفہیم القرآن ، سورۃ الانعام آیت 43 ، سورۃ الاعراف آیات 95-94 ، سورۃ یونس آیت 21 ، سورۃ المومنون آیت 77-75 اور انکے حواشی )۔

ان آیات میں بھی صاف محسوس ہوتا ہے کہ اشارہ اسی صورت حال کی طرف ہے ۔ کفار کا یہ کہنا کہ " پروردگار، ہم پر سے یہ عذاب ٹال دے، ہم ایمان لاتے ہیں"۔ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا کہ " ان کی غفلت کہاں دور ہوتی ہے جب کہ رسول مبین آگیا، پھر بھی یہ اس کی طرف ملتفت نہ ہوئے اور کہا کہ یہ تو سکھایا پڑھایا ساحر ہے ۔" پھر یہ فرمانا کہ " ہم ذرا عذاب ہٹائے دیتے ہیں ، تم لوگ پھر وہی کچھ کرو گے جو پہلے کر رہے تھے ۔" یہ ساری باتیں اسی صورت میں راست آسکتی ہیں جب کہ واقعہ حضورؐ ہی کے زمانے کا ہو۔ قیامت کے قریب ہونے والے واقعات پر ان کا اطلاق بعید از فہم ہے ۔ اس لیے اس حد تک تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی تفسیر ہی صحیح معلوم ہوتی ہے ۔ لیکن اس کا یہ حصہ صحیح نہیں معلوم ہوتا کہ " دھواں" بھی اسی زمانے میں ظاہر ہوا تھا، اور اس شکل میں ظاہر ہوا تھا کہ بھوک کی شدت میں جب لوگ آسمان کی طرف دیکھتے تھے تو دھواں ہی دھواں نظر آتا تھا، یہ بات قرآن مجید کے ظاہر الفاظ سے بھی مطابقت نہیں رکھتی ، اور احادیث کے بھی خلاف ہے ۔ قرآن میں یہ کہاں کہا گیا ہے کہ آسمان دھواں لیے ہوئے آگیا اور لوگوں پر چھا گیا ۔ وہاں تو کہا گیا ہے کہ " اچھا تو اس دن کا انتظار کرو جب آسمان صریح دھواں لیے ہوئے آئے گا اور وہ لوگوں پر چھا جائے گا ۔" بعد کی آیات کو نگاہ میں رکھ کر دیکھا جائے تو اس ارشاد کا صاف مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب تم نہ رسول کے سمجھانے سے مانتے ہو، نہ قحط کی شکل میں جو تنبیہ تمہیں کی گئی ہے اس سے ہی ہوش میں آتے ہو، تو پھر قیامت کا انتظار کرو، اس وقت جب پوری طرح شامت آئے گی تب تمہیں پتہ چل جائے گا کہ حق کیا تھا ۔ پس جہاں تک دھوئیں کا تعلق ہے ، اس کے بارے میں صحیح بات یہی ہے کہ وہ قحط کے زمانے کی چیز نہیں ہے بلکہ علامات قیامت میں سے ہے، اور یہی بات احادیث سے بھی معلوم ہوتی ہے ۔ تعجب ہے کہ مفسرین میں سے جنہوں نے حضرت ابن مسعود کی تائید کی انہوں نے بات کی تائید کر دی ، اور جنہوں نے ان کی تردید کی انہوں نے پوری بات کی تردید کر دی ، حالانکہ آیات اور احادیث پر غور کرنے سے یہ صاف معلوم ہوجاتا ہے کہ اس کا کونسا حصہ صحیح ہے اور کون سا غلط ۔

| | | |
|---|---|---|
| 17. And indeed, We tried before them people of Pharaoh, | اور یقیناً ہم نے آزمائش کی ان سے پہلے قوم فرعون کی اور آیا انکے | وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ |

| | | |
|---|---|---|
| and there came to them a noble messenger. *14 | پاس ایک عالی قدر رسول۔ *14 | كَرِيْمٌ ﴿١٧﴾ |

*14 The words *rasul-un karim* in the original imply a man who is characterized with most noble traits of character and highly praiseworthy qualities.

*14 اصل میں "رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ" کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں ۔ کریم کا لفظ جب انسان کے لیے بولا جاتا ہے تو اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ وہ بہترین شریفانہ خصائل اور نہایت قابل تعریف صفات سے متصف ہے ۔ معمولی خوبیوں کے لیے یہ لفظ نہیں بولا جاتا۔

| | | |
|---|---|---|
| 18. That*15 render to me the slaves of Allah. *16 Indeed, I am to you a trustworthy messenger. *17 | کہ *15 حوالے کردو میرے اللہ کے بندوں کو *16 بیشک میں ہوں تمہارا امانت دار رسول۔ *17 | اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٨﴾ |

*15 One should note that the sayings of the Prophet Moses (peace be upon him) being cited here, are not parts of a continuous address delivered by him at any one time, but they are a summary in a few sentences of what he said to Pharaoh and his courtiers on different occasions during many years. (For the details, see Surah Al-Aaraf, Ayats 103-136; Surah Younus, Ayats 75-92; Surah TaHa, Ayats 45-76; Surah Ash-Shuara, Ayats 10-68; Surah An-Naml, Ayats 7-14; Surah AlQasas, Ayats 32-42; Surah Al-Mumin, Ayats 23-46; Surah Az-Zukhruf, Ayats 46-56; and the corresponding E.Ns.)

*15 یہ بات ابتدا ہی میں سمجھ لینی چاہیے کہ یہاں موسیٰ علیہ السلام کے جو اقوال نقل کیے جا رہے ہیں وہ

ایک وقت میں ایک ہی مسلسل تقریر کے اجزا نہیں ہیں، بلکہ سالہا سال کے دوران میں مختلف مواقع پر جو باتیں انہوں نے فرعون اور اس کے اہل دربار سے کہی تھیں ان کا خلاصہ چند فقروں میں بیان کیا جا رہا ہے ۔ (تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن سورۃ الاعراف آیات 103-136، سورۃ یونس آیات 75-92 ، سورۃ طٰہٰ آیات 45-76 ، سورۃ الشعراء آیات 10-68 ، سورۃ النمل آیات 7-14 ، سورۃ القصص آیات 32-42 ، سورۃ المومن آیت 23-46، سورۃ الزخرف آیت 46-56، مع حواشی )

*16 That is, leave the children of Israel to go with me. This demand is synonymous with the demand made in Surah Al-Aaraf, Ayat 105; Surah TaHa, Ayat 47 and Surah Ash-Shurra, Ayat 17. Another translation that has been reported from Abdullah ibn Abbas is: Servants of Allah, fulfill my right, i.e. accept what I say, believe in me, follow my guidance. This is my right on you from Allah. The following sentence: I am a trustworthy Messenger to you is more in keeping with the second meaning.

*16 اصل میں اَدُّوْٓا اِلَیَّ عِبَادَ اللّٰہِ کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں ۔ ان کا ایک ترجمہ تو وہ ہے جو اوپر ہم نے کیا ہے اور اس کے لحاظ سے یہ اس مطالبے کا ہم معنی ہے جو سورہ اَعراف (آیت 105 ) ، سورہ طٰہٰ (47) اور الشعراء (17) میں گزر چکا ہے کہ '' نبی اسرائیل کو میرے ساتھ جانے کے لیے چھوڑ دو'' دوسرا ترجمہ ، جو حضرت عبداللہ بن عباس سے منقول ہے، یہ ہے کہ '' اللہ کے بندو میرا حق ادا کرو'' یعنی میری بات مانو، مجھ پر ایمان لاؤ، اور میری ہدایت کی پیروی کرو، یہ خدا کی طرف سے تمہارے اوپر میرا حق ہے ۔ بعد کا یہ فقرہ کہ '' میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں '' اس دوسرے مفہوم کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتا ہے ۔

*17 That is, I am a reliable Messenger: I do not forge anything from myself, nor am I the one who would present something based on personal interest or desire, or forge a

command or law, in the name of Allah. Rest assured that I shall convey to you intact only that which my Sender has commanded. It should be noted that these two sentences belong to the time when the Prophet Moses (peace be upon him) first started preaching Allah's message.

*17 یعنی بھروسے کے قابل رسول ہوں۔ اپنی طرف سے کوئی بات ملا کر کہنے والا نہیں ہوں۔ نہ اپنی کسی ذاتی خواہش یا غرض کے لیے خود ایک حکم یا قانون گھڑ کر خدا کے نام سے پیش کرنے والا ہوں ۔ مجھ پر تم یہ اعتماد کرسکتے ہو کہ جو کچھ میرے بھیجنے والے نے کہا ہے وہی بے کم و کاست تم تک پہنچاؤں گا ۔ (واضح رہے کہ یہ دو فقرے اس وقت کے ہیں جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سب سے پہلے اپنی دعوت پیش فرمائی تھی)۔

| | | |
|---|---|---|
| وَاَنۡ لَّا تَعۡلُوۡا عَلَى اللّٰهِ‌ ؕ اِنِّىۡۤ اٰتِيۡكُمۡ بِسُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ‌ۚ ﴿۱۹﴾ | اوریہ کہ نہ کرو سرکشی اللہ کے سامنے ۔ بیشک میں آیا ہوں تمہارے پاس کھلی دلیل کیساتھ *18 ۔ | 19. And that do not exalt against Allah. Indeed, I have come to you with a manifest authority. *18 |

*18 In other words, it means: Your rebellion against me is in fact rebellion against Allah, for what annoys you is not what I say but what Allah says, and I only present those things as His Messenger. If you doubt whether I have really been sent by Hun or not, I present before you a clear authority of my appointment from Allah. This authority does not imply any one miracle but a long series of the miracles which the Prophet Moses (peace be upon him) continued to show to Pharaoh and his people for years since the time he came in the court of Pharaoh till his last days in Egypt. Whatever sign they denied, was followed up by a

greater sign of authority by him. (For explanation, see E.Ns 42, 43 of Surah Az-Zukhruf).

*18 دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہے کہ میرے مقابلے میں جو سرکشی تم کر رہے ہو یہ دراصل اللہ کے مقابلے میں سرکشی ہے، کیونکہ میری جن باتوں پر تم بگڑ رہے ہو وہ میری نہیں بلکہ اللہ کی باتیں ہیں اور میں اسی کے رسول کی حیثیت سے انہیں بیان کر رہا ہوں۔ اگر تمہیں اس میں شک ہے کہ میں اللہ کا بھیجا ہوا ہوں یا نہیں، تو میں تمہارے سامنے اپنے مامور من اللہ ہونے کی صریح سند پیش کرتا ہوں۔ اس سند سے مراد کوئی ایک معجزہ نہیں ہے بلکہ معجزات کا وہ طویل سلسلہ ہے جو فرعون کے دربار میں پہلی مرتبہ پہنچنے کے بعد سے آخر زمانہ قیام تک حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون اور اس کی قوم کو سالہا سال تک دکھاتے رہے۔ جس سند کو بھی اُن لوگوں نے جھٹلایا اس سے بڑھ کر صریح سند آپ پیش کرتے چلے گئے۔ (تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد چہارم، الزخرف حواشی نمبر42۔43)۔

| | | |
|---|---|---|
| 20. And indeed, I have sought refuge in my Lord and your Lord, lest you stone me. | اور یقیناً میں پناہ لے چکا ہوں اپنے رب کی اور تمہارے رب کی۔ کہ تم مجھے سنگسار کرو۔ | وَ اِنِّیۡ عُذۡتُ بِرَبِّیۡ وَ رَبِّکُمۡ اَنۡ تَرۡجُمُوۡنِ ﴿۲۰﴾ |
| 21. And if you do not believe in me, then leave me alone. *19 | اور اگر نہیں ایمان لاتے تم مجھ پر تو مجھ سے الگ ہو جاؤ۔ *19 | وَ اِنۡ لَّمۡ تُؤۡمِنُوۡا لِیۡ فَاعۡتَزِلُوۡنِ ﴿۲۱﴾ |

*19 This was said at the time when, as against all the signs presented by the Prophet Moses (peace be upon him), Pharaoh was still showing stubbornness, but was feeling upset and confounded at the realization that all classes of the Egyptian society were rapidly being influenced by those signs. In that period, first of all he made the speech before

his packed court as mentioned in verses 51-53 of Surah Az-Zukhruf (see E.Ns 45 to 49), then, when he felt the ground slipping from under his feet, he made up his mind to kill Allah's Messenger. At that time the Prophet (peace be upon him) said the words as mentioned in Surah Al-Mumin, Ayat 27 to the effect: I have taken refuge in my Lord and your Lord against every arrogant person who does not believe in the Day of Reckoning. Here, the Prophet Moses (peace be upon him) is referring to that same thing and telling Pharaoh and his chiefs: Look, I have sought Allah's refuge against all sorts of violence from you, now you cannot harm me. But if you wish yourselves well, do not harm me. If you do not want to believe what I say, you may not, but you should never lay your hands on me, otherwise you will meet with catastrophic consequences.

**19*** یہ اس زمانے کی بات ہے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیش کردہ ساری نشانیوں کے مقابلے میں فرعون اپنی ہٹ پر اڑا ہوا تھا مگر یہ دیکھ کرکہ ان نشانیوں سے مصر کے عوام اور خواص روز بروز متاثر ہوتے چلے جا رہے ہیں، اس کے ہوش اُڑے جا رہے تھے۔ اس زمانے میں پہلے تو اس نے بھرے دربار میں وہ تقریر کی جو سورہ زخرف، آیات 51۔ 53 میں گزر چکی ہے (ملاحظہ ہو حواشی سورہ زخرف 45 تا 49) پھر زمین پیروں تلے سے نکلتی دیکھ کر آخر کار وہ اللہ کے رسول کو قتل کرنے دینے پر آمادہ ہو گیا۔ اس وقت آنجناب نے وہ بات کہی جو سورہ مومن، آیت 27 میں ہے کہ اِنِّیۡ عُذۡتُ بِرَبِّیۡ وَ رَبِّکُمۡ مِّنۡ کُلِّ مُتَکَبِّرٍ لَّا یُؤۡمِنُ بِیَوۡمِ الۡحِسَابِ ۔ ’’میں نے پناہ لی اپنے رب کی ہر اس متکبر سے جو روز حساب پر ایمان نہیں رکھتا‘‘۔ یہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی اسی بات کا حوالہ دیکر فرعون اور اس کے اراکین سلطنت سے فرما رہے ہیں کہ دیکھو، میں تمہارے سارے حملوں کے مقابلہ میں اللہ رب العالمین کی پناہ مانگ چکا ہوں۔ اب تم میرا تو کچھ بگاڑ نہیں سکتے لیکن اگر تم خود اپنی خیر چاہتے ہو تو مجھ پر حملہ آور ہونے سے باز رہو، میری بات نہیں مانتے تو نہ

مانو۔ مجھ پر ہاتھ ہرگز نہ ڈالنا، ورنہ اس کا بہت برا انجام دیکھو گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 22. So he called upon his Lord: Indeed, these are the people who are criminals. *20 | تو پکارا اس نے اپنے رب کو بیشک یہی لوگ ہیں جو نافرمان ہیں۔ *20 | فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ |

*20 This is the final report that the Prophet Moses (peace be upon him) presented before his Lord, saying: These are the people who are criminals. That is, their being the criminals has been confirmed finally and absolutely. They have exhausted every chance of concession and respite for reformation. It is time that the final fatal decision be passed against them.

*20 یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی آخری رپورٹ ہے جو انہوں نے اپنے رب کے سامنے پیش کی۔ "یہ لوگ مجرم ہیں" یعنی ان کا مجرم ہونا اب قطعی طور پر ثابت ہو چکا ہے۔ کوئی گنجائش ان کے ساتھ رعایت برتنے اور ان کو اصلاح حال کا مزید موقع دینے کی باقی نہیں رہی ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ حضور آخری فیصلہ فرمائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 23. (Allah said): Then set out with My slaves by night. *21 Indeed, you will be followed. *22 | (اللہ نے فرمایا) پھر چلے جاؤ میرے بندوں کے ساتھ رات میں *21 بیشک تمہارا تعاقب ہو گا۔ *22 | فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٢٣﴾ |

*21 With my servants: With all those people who have believed, including both the Israelites and the Egyptian Copts who had become Muslims since the time of the

Prophet Joseph till that of the Prophet Moses (peace be upon them), and those also who had been influenced by the signs shown by Moses (peace be upon him) and His preaching and accepted Islam from among the Egyptians. (For explanation, see Surah Yousuf: E.N. 68).

*21 یعنی ان سب لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں ان میں بنی اسرائیل بھی تھے اور مصر کے وہ قبطی باشندے بھی جو حضرت یوسفؑ کے زمانے سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی آمد تک مسلمانوں میں شامل ہو چکے تھے، اور وہ لوگ بھی جنھوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نشانیاں دیکھ کر اور آپ کی دعوت و تبلیغ سے متاثر ہو کر اہل مصر میں سے اسلام قبول کیا تھا۔ (تشریح کے لیے ملاحظہ تفہیم القرآن جلد دوم، حاشیہ 68)

*22 This was the initial command given to the prophet Moses (peace be upon him) for the migration. (For explanation, see Surah TaHa, Ayat 77; Surah Ash-Shuara, Ayats 52-68 and the corresponding E.Ns).

*22 یہ ابتدائی حکم ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ہجرت کے لیے دیا گیا تھا (تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن سورۃ طٰہٰ آیت 77، سورۃ الشعریٰ آیات 52-68 اور حواشی)۔

| | | |
|---|---|---|
| 24. And leave the sea at rest. Indeed, they are a host to be drowned. *23 | اور چھوڑ دینا سمندر کو ٹھہرا ہوا بیشک وہ ہیں لشکر جو غرق کر دیے جائیں گے۔ *23 | وَ اتۡرُكِ الۡبَحۡرَ رَهۡوًا ؕ اِنَّهُمۡ جُنۡدٌ مُّغۡرَقُوۡنَ ﴿۲۴﴾ |

*23 This command was given when the Prophet Moses (peace be upon him) had crossed the sea along with his caravan and wanted that he should restore the sea to its former state by smiting it with the staff so that Pharaoh and his hosts should not pursue them on the dry path created by the miracle. At that times it was said: Leave the sea divided as it is, so that Pharaoh and his armies should

descend into it. Then the sea will be restored and they will be drowned all together.

*23 یہ حکم اس وقت دیا گیا جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے قافلہ کو لے کر سمندر پار کر چکے تھے اور چاہتے تھے کہ سمندر پر عصا مار کر اسے پھر ویسا ہی کر دیں جیسا وہ پھٹنے سے پہلے تھا، تاکہ فرعون اور اس کا لشکر اس راستے سے گذر کر نہ آ جائے جو معجزہ سے بنا تھا۔ اس وقت فرمایا گیا کہ ایسا نہ کرو۔ اس کو اسی طرح پھٹا کا پھٹا رہنے دو تاکہ فرعون اپنے لشکر سمیت اس راستے میں اتر آئے، پھر سمندر کو چھوڑ دیا جائے گا اور یہ پوری فوج غرق کر دی جائے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| 25. How many they left behind, of gardens, and springs. | کتنے ہی چھوڑ گئے وہ باغات میں سے اور چشمے ۔ | كَمۡ تَرَكُوۡا مِنۡ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوۡنٍ ۙ﴿۲۵﴾ |
| 26. And crops and noble sites. | اور کھیتیاں اور نفیس مقام ۔ | وَّ زُرُوۡعٍ وَّ مَقَامٍ كَرِيۡمٍ ۙ﴿۲۶﴾ |
| 27. And pleasant things, they were in them with delight. | اور نعمت وہ تھے جن میں عیش و عشرت سے ۔ | وَّ نَعۡمَةٍ كَانُوۡا فِيۡهَا فٰكِهِيۡنَ ۙ﴿۲۷﴾ |
| 28. Thus, and We made it inherit other people. *24 | اسی طرح ۔ اور ہم نے وارث بنا دیا اس کا دوسرے لوگوں کو ۔ *24 | كَذٰلِكَ ۚ وَ اَوۡرَثۡنٰهَا قَوۡمًا اٰخَرِيۡنَ ﴿۲۸﴾ |

*24 Hasan Basri says that “other people” here implies the children of Israel, whom Allah made heirs of the land of Egypt after Pharaoh’s people, and Qatadah says it implies the other people who inherited Egypt after the people of Pharaoh, for the history does not make any mention that the Israelites ever returned to Egypt after the exodus and

inherited it. This same point has been disputed by the later commentators also. (For a detailed discussion, see Surah Ash Shuara, Ayats 57-59 and the E.Ns on it).

*24 حضرت حسن بصری کہتے ہیں کہ اس سے مراد بنی اسرائیل ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قوم فرعون کے بعد مصر کی سرزمین کا وارث بنا دیا۔ اور قتادہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد دوسرے لوگ ہیں جو آل فرعون کے بعد مصر کے وارث ہوئے، کیونکہ تاریخوں میں کہیں بھی یہ ذکر نہیں ملتا کہ مصر سے نکلنے کے بعد بنی اسرائیل کبھی وہاں واپس گئے ہوں اور وہاں اس زمین کے وارث ہوئے ہوں یہی اختلاف بعد کے مفسرین میں بھی پایا جاتا ہے۔ (تفصیلی بحث کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن سورۃ الشعراء آیات 59۔ 57 اور حواشی)

| | | |
|---|---|---|
| 29. So did not weep upon them the heaven and the earth and they were not those given respite. *25 | پھر نہ رونا آیا ان پر آسمان اور زمین کو اور نہ ہوئے وہ مہلت پانے والے۔ *25 | فَمَا بَكَتۡ عَلَيۡهِمُ السَّمَآءُ وَ الۡاَرۡضُ وَ مَا كَانُوۡا مُنۡظَرِيۡنَ ﴿۲۹﴾ |

*25 That is, when they were the rulers, they were known for their glory and grandeur, hymns were sung of their praise, flatterers flattered them to such an extent as if the whole world was devoted to them for their excellences and indebted to them for their favors and there was none more popular in the world than they. But when they fell, there was none to shed a tear on their fall, rather the world felt relieved that a cause of distress had been removed. Obviously, they had neither done any good to the people that the dwellers of the earth might weep on them, nor anything for the sake of Allah’s pleasure that the dwellers of the heavens might grieve over their ruin. As long as Allah continued to give them respite by His will, they

enjoyed life as they pleased; but when they transgressed all limits in their crimes, they were cast aside like rubbish.

25*یعنی جب وہ حکمراں تھے تو ان کی عظمت کے ڈنکے بج رہے تھے۔ ان کی حمد وثناء کے ترانوں سے دنیا گونج رہی تھی۔ خوش آمدیوں کے جمگھٹے انکے آگے اور پیچھے لگے رہتے تھے۔ ان کی وہ ہوا باندھی جاتی تھی کہ گویا ایک عالم ان کے کمالات کا گرویدہ اور ان کے احسانات کا زیر بار ہے۔ اور ان سے بڑھ کر دنیا میں کوئی مقبول نہیں، مگر جب وہ گرے تو کوئی آنکھ ان کے لیے رونے والی نہیں تھی، بلکہ دنیا نے ایسا اطمینان کا سانس لیا کہ گویا ایک کانٹا تھا جو اس کے پہلو سے نکل گیا۔ ظاہر ہے کہ انہوں نے نہ خلق خدا کے ساتھ کوئی بھلائی کی تھی کہ زمین والے ان کے لیے روتے، نہ خدا کی خوشنودی کا کوئی کام کیا تھا کہ آسمان والوں کو ان کی ہلاکت پر افسوس ہوتا، جب تک مشیت الٰہی سے اس کی رسی دراز ہوتی رہی، وہ زمین کے سینے پر مونگ دلتے رہے۔ جب ان کے جرائم حد سے گذر گئے تو اس طرح اٹھا کر پھینک دیئے جیسے کوڑا کرکٹ پھینکا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 30. And indeed, We saved the Children of Israel from an abasing punishment. | اور بیشک نجات دی ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت کے عذاب سے۔ | وَ لَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ |
| 31. From Pharaoh. *26 Indeed, he was an arrogant among the transgressors. *27 | فرعون سے *26۔ بیشک وہ تھا سرکش حد سے بڑھ جانے والوں میں۔ *27 | مِنْ فِرْعَوْنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ |

*26 That is, Pharaoh by himself was an abasing torment for them and all other torments were indeed offshoots of the same great torment.

26*یعنی فرعون بجائے خود اپنے لیے ذلت کا عذاب تھا اور دوسرے تمام عذاب اسی ایک عذاب مجسم کے شاخسانے تھے۔

*27 There is a subtle satire in it on the chiefs of the disbelieving Quraish. It means to say this: You do not enjoy any place of distinction among the transgressors against Allah. Pharaoh indeed was a rebel of the highest order who was ruling on the throne of the largest kingdom of the time as a god. When he was swept away like straw, how can you prevent the divine wrath?

*27اس میں ایک لطیف طنز ہے کفار قریش کے سرداروں پر۔ مطلب یہ ہے کہ حد بندگی سے تجاوز کرنے والوں میں تمہارا مرتبہ اور مقام ہی کیا ہے۔ بڑے اونچے درجے کا سرکش تو وہ تھا جو اس وقت دنیا کی سب سے بڑی سلطنت کے تخت خدائی کا روپ دھارے بیٹھا تھا۔ اسے جب خس و خاشاک کی طرح بہا دیا گیا تو تمہاری کیا ہستی ہے کہ قہرالٰہی کے آگے ٹھہر سکے۔

| | | |
|---|---|---|
| 32. And indeed, We chose them by knowledge above all the people. *28 | اور بیشک منتخب کیا ہم نے انکو دانستہ تمام لوگوں پر۔ *28 | وَ لَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۚ ﴿۳۲﴾ |

*28 That is, Allah was well aware both of the qualities and of the weaknesses of the children of Israel. He had not chosen them blindly. For when he chose them from among the contemporary nations to become the standard bearers of His message and His Tauhid, they were the most suitable people in His knowledge for the purpose.

*28یعنی بنی اسرائیل کی خوبیاں اور کمزوریاں دونوں اللہ پر عیاں تھیں اس نے بے دیکھے بھالے اس کا انتخاب اندھا دھند نہیں کر لیا تھا۔ اس وقت دنیا میں جتنی قومیں موجود تھیں ان میں سے اس قوم کو جب اس نے اپنے پیغام کا حامل اور اپنی توحید کی دعوت کا علمبردار بنانے کے لیے چنا تو اس بناء پر چنا کہ علم میں اسوقت کی موجود قوموں میں سے یہی اس کے لیے موزوں تر تھی۔

| | | |
|---|---|---|
| 33. And We gave them of the signs in which there was a manifest trial. *29 | اور دی تھیں ہم نے انکو ایسی نشانیاں جن میں تھی کھلی آزمائش *29 ۔ | وَ اٰتَيۡنٰهُمۡ مِّنَ الۡاٰيٰتِ مَا فِيۡهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيۡنٌ ﴿۳۳﴾ |

*29 For explanation, see Surah Al-Baqarah, Ayats 49-74; Surah An-Nisa, Ayats 153-160; Surah Al-Maidah, Ayats 20-26; Surah Al-Aaraf, Ayats 138-171; Surah TaHa, Ayats 80-97 and the corresponding E.Ns.

*29تشریح کے لیے ملاحظہ ہو (تفہیم القرآن ، سورۃ البقرہ آیات 49-74۔ سورۃ النساء آیات 159-160-
سورۃ المائدہ آیات 20-26- سورۃ الاعراف آیات 138-171- سورۃ طٰہٰ آیات 80-97 اور حواشی)

| | | |
|---|---|---|
| 34. Indeed, these people say: | یقیناً یہ لوگ کہتے ہیں۔ | اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوۡلُوۡنَ ۙ﴿۳۴﴾ |
| 35. There is nothing except our death, the first one, and we are not to be raised again. *30 | نہیں یہ ہے مگر ہماری موت بس پہلی ۔ اور نہیں ہیں ہم دوبارہ اٹھائے جانیوالے ۔ *30 | اِنۡ هِىَ اِلَّا مَوۡتَتُنَا الۡاُوۡلٰى وَ مَا نَحۡنُ بِمُنۡشَرِيۡنَ ﴿۳۵﴾ |

*30 That is, when we die the first time, we shall be annihilated: there will be no other life after that.

*30یعنی پہلی دفعہ ہم مریں گے تو بس فنا ہو جائیں گے۔ اس کے بعد پھر کوئی زندگی نہیں ہے۔ "پہلی موت" اس کے الفاظ سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کے بعد کوئی بھی ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| 36. So bring (back) our forefathers, if you are truthful. *31 | تو پس (واپس) لے آؤ ہمارے باپ دادا ۔ اگر ہو تم سچے ۔ *31 | فَاۡتُوۡا بِاٰبَآٮِٕنَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۳۶﴾ |

*31 This was their reasoning: We have never seen a dead

person resurrected to life. Therefore, we believe that there will be no other life after death. If you claim that there will be another life, then resurrect our forefathers from their graves, so that we are convinced of the life after death. If you do not do this, we would think that your claim is false. This was, as they thought, a very strong argument for the refutation of life after death, whereas it was absurd. Nobody had told them that the dead would return to this very world after being raised back to life, nor the Prophet (peace be upon him), nor any Muslim had ever claimed that he could raise the dead back to life.

*31 ان کا استدلال یہ تھا کہ ہم نے کبھی مرنے کے بعد کسی کو دوبارہ جی اٹھتے نہیں دیکھا ہے، اس لیے ہم یہ یقین رکھتے ہیں کہ مرنے کے بعد دوسری کوئی زندگی نہیں ہوگی۔ تم لوگ اگر یہ دعویٰ کرتے ہو کہ دوسری زندگی ہوگی تو ہمارے اجداد کو قبروں سے اٹھا لاؤ تاکہ ہمیں زندگی بعد موت کا یقین آجائے۔ یہ کام تم نے نہ کیا تو ہم سمجھیں گے کہ تمہارا دعویٰ بے بنیاد ہے۔ یہ گویا ان کے نزدیک حیات بعد الموت کی تردید میں بڑی پختہ دلیل تھی۔ حالاں کہ سراسر مہمل تھی۔ آخر ان سے یہ کہا کس نے تھا کہ مرنے والے دوبارہ زندہ ہو کر اسی دنیا میں واپس آئیں گے؟ اور نبی ﷺ یا کسی مسلمان نے یہ دعویٰ کب کیا تھا کہ ہم مردوں کو زندہ کرنے والے ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| اَهُمۡ خَيۡرٌ اَمۡ قَوۡمُ تُبَّعٍ ۙ وَّ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا مُجۡرِمِيۡنَ ﴿۳۷﴾ | کیا یہ اچھے ہیں یا قوم تبعّ کی *32 اور وہ لوگ جو ان سے پہلے ہو چکے ہیں۔ ہم نے ان کو ہلاک کر دیا۔ بیشک وہ تھے مجرم۔ *33 | 37. Are they better, or the people of Tubba *32 and those before them. We destroyed them. Indeed, they were criminals. *33 |

*32 Tubba was the title of the kings of the Himyarites, like

**the titles of Khosroes, Caesar, Pharaoh etc. which have been associated with the kings of different countries. They were a branch of the Sabaeans, who attained domination over Saba in 115 B.C. and ruled it until 300 A.D. They have been a well known people of Ar abia for centuries. (For details, see E.N. 37 of Surah Saba).**

**32*** تبع قبیلہ حمیر کے بادشاہوں کا لقب تھا، جیسے کسریٰ ، قیصر، فرعون وغیرہ القاب مختلف ممالک کے بادشاہوں کے لیے مخصوص رہے ہیں۔ یہ لوگ قوم سبا کی ایک شاخ سے تعلق رکھتے تھے 115 قبل مسیح میں ان کو سبا کے ملک پر غلبہ حاصل ہوا اور 300 عیسوی تک یہ حکمراں رہے۔ عرب میں صدیوں تک ان کی عظمت کے افسانے زبان زد خلائق رہے ہیں۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن ، سورہ سبا، حاشیہ نمبر 37)

***33 This is the first answer to the disbelievers' objection; it means: Any individual group or nation which denies the Hereafter becomes criminal. Perversion of the morals is its inevitable result, and human history bears evidence that whichever nation adopted this view of life ultimately perished. As for the question: Are they better or the people of Tubba or the people before them? It means this: The disbelievers of Makkah have not been able to attain to the prosperity and splendor that became the lot of the people of Tubba and of the people of Saba and of the people of Pharaoh and others before them. But this material prosperity and worldly splendor could not save them from the consequences of their moral degeneration. How will then the chiefs of the Quraish be saved from destruction on the strength of their puny resources and wealth? (For details, see E.Ns 25 to 36 of Surah Saba).**

*33 یہ کفار کے اعتراض کا پہلا جواب ہے۔ اس جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ انکار آخرت وہ چیز ہے جو کسی شخص، گروہ یا قوم کو مجرم بنائے بغیر نہیں رہتی۔ اخلاق کی خرابی اس کا لازمی نتیجہ ہے اور تاریخ انسانی شاہد ہے زندگی کے اس نظریہ کو جس قوم نے بھی اختیار کیا ہے وہ آخر کار تباہ ہو کر رہی ہے۔ رہا یہ سوال کہ "یہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور اس سے پہلے کے لوگ"؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ کفار مکہ تو اس خوش حالی و شوکت و حشمت کو پہنچ ہی نہیں سکے ہیں جو تبع کی قوم، اور اس سے پہلے سبا اور قوم فرعون اور دوسری قوموں کو حاصل رہی ہے۔ مگر یہ مادی خوشحالی اور دنیاوی شان شوکت اخلاقی زوال کے نتائج سے ان کو کب بچا سکتی تھی۔ یہ اپنی ذرا سی پونجی اور اپنے ذرائع وسائل کے بل بوتے پر بچ جائیں گے (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، سورہ سباء، حواشی نمبر25۔36)

| | | |
|---|---|---|
| 38. And We have not created the heavens and the earth, and whatever is between them, for play. | اور نہیں بنایا ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل کیلیئے۔ | وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ |
| 39. We did not create them except with truth, but most of them do not know. *34 | نہیں پیدا کیا ہم نے انکو مگر حق کے ساتھ لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے۔ *34 | مَا خَلَقْنٰهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ |

*34 This is the second answer to their objection; it means: Whoever denies life after death and the rewards and punishments of the hereafter, in fact, regards this world as a plaything. This is why he has formed the view that man, after raising all sorts of the storms in the world, will end up in the dust one day and none of his good or bad acts will

bear any fruit. The fact, however, is that this universe is the creation of an All-Wise Creator and not of a frivolous being, and it cannot be expected from an All-Wise Creator that he would perform a useless and vain act. (For a detailed explanation, see Surah Al-Anaam, Ayat 73; Surah Younus, Ayats 5-6; Surah Al-Anbiya, Ayats 16-18; Surah Al-Muminun, Ayat 115; Surah Ar-Room, Ayats 8-9 and the corresponding E.Ns).

*34 یہ ان کے اعتراض کا دوسرا جواب ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص بھی حیات بعد الموت اور آخرت کی جزا و سزا کا منکر ہے وہ دراصل اس کارخانہ عالم کو کھلونا اور اس کے خالق کو نادان سمجھتا ہے، اسی بناء پر اس نے یہ رائے قائم کی ہے کہ انسان دنیا میں ہر طرح کے ہنگامے برپا کر کے ایک روز بس یوں ہی مٹی میں رل مل جائے گا اور اس کے کسی اچھے یا برے کام کا کوئی نتیجہ نہ نکلے گا۔ حالانکہ یہ کائنات کسی کھلنڈرے کی نہیں بلکہ ایک خالق حکیم کی بنائی ہوئی ہے اور کسی حکیم سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی ہے کہ وہ فعل عبث کا ارتکاب کرے گا۔ انکار آخرت کے جواب میں یہ استدلال قرآن مجید میں متعدد مقامات پر کیا گیا ہے، ہم اس کی مفصل تشریح کر چکے ہیں۔(ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، سورۃ الانعام آیت 73، سورۃ یونس آیات 5-6 سورۃ الانبیاء آیات 16-18 سورۃ المومنون آیت 115 سورۃ الروم آیات 8-9 اور حواشی )۔

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ يَوۡمَ الۡفَصۡلِ مِيۡقَاتُهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَۙ ﴿۴۰﴾ | یقیناً فیصلے کا دن*35 وقت مقرر ہے ان کیلئے سب کا۔ | 40. Indeed, the Day of Decision *35 is the time appointed for them all. |

*35 This is the answer to their demand: Bring back our forefathers if you are truthful. It means: Life-after-death is not a trivial matter, it cannot be that whenever somebody denies it, a dead person may he raised immediately from the graveyard and presented before him. For it a time has been fixed by the Lord of the worlds, when He will

resurrect to life all the former and the latter generations, gather them together in His court and will decide their cases. You may believe in it or may not, but this will in any case happen on its own pre-ordained time. If you believe in it, it will be to your own advantage, for, being forewarned, you will make preparations to fare well in that court. If you do not believe in it, you will incur loss for yourselves, for you will spend your whole life in the misunderstanding that good and evil are confined only to this worldly life; after death there is going to be no court where our good or bad deeds might have to be judged for any permanent results.

*35 یہ ان کے اس مطالبے کا جواب ہے کہ "اٹھا لاؤ ہمارے باپ دادا کو اگر تم سچے ہو"۔ مطلب یہ ہے کہ زندگی بعد موت کوئی تماشا تو نہیں ہے کہ جہاں کوئی اس سے انکار کرے، فوراً ایک مردہ قبرستان سے اٹھا کر اس کے سامنے لا کھڑا کیا جائے اس کے لیے تو رب العالمین نے ایک وقت مقرر کر دیا ہے جب تمام اولین و آخرین کو وہ دوبارہ زندہ کر کے اپنی عدالت میں جمع کرے گا اور ان کے مقدمات کا فیصلہ صادر فرمائے گا۔ تم مانو چاہے نہ مانو، یہ کام بہرحال اپنے وقت مقرر پر ہی ہوگا۔ تم مانو گے تو اپنا ہی بھلا کرو گے، کیونکہ اس طرح قبل از وقت خبردار ہو کر اس عدالت سے کامیاب ہونے کی تیاری کر سکو گے۔ نہ مانو گے تو اپنا ہی نقصان کرو گے، کیونکہ اپنی ساری عمر اس غلط فہمی میں کھپا دو گے کہ برائی اور بھلائی جو کچھ بھی ہے بس اسی دنیا کی زندگی تک ہے، مرنے کے بعد پھر کوئی عدالت نہیں ہونی ہے جس میں ہمارے اچھے یا برے اعمال کا کوئی مستقل نتیجہ نکلنا ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| 41. The day when will not avail a friend to a friend anything, *36 nor will they be helped. | جسدن نہ کام آئیگا دوست کسی دوست کے کچھ بھی *36 اور نہ انکی مدد کیجائیگی۔ | يَوۡمَ لَا يُغۡنِىۡ مَوۡلًى عَنۡ مَّوۡلًى شَيۡـًٔـا وَّلَا هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ۙ ٤١ |

*36 The Arabic word *maula* is used for a person who supports another person either because of kinship, or friendship, or some other relationship.

*36 اصل میں لفظ ’’ مولیٰ ‘‘ استعمال کیا گیا ہے جو عربی زبان میں ایسے شخص کے لیے بولا جاتا ہے جو کسی تعلق کی بناء پر دوسرے شخص کی حمایت کرے، قطع نظر اس سے کہ وہ رشتہ داری کا تعلق ہو یا دوستی کا یا کسی اور قسم کا۔

| | | |
|---|---|---|
| 42. Except on whom Allah shows mercy. Indeed, He is the All Mighty, Most Merciful. *37 | مگر جس پر مہربانی کرے اللہ۔ بیشک وہی غالب ہے بڑا مہربان ہے۔ *37 | اِلَّا مَنۡ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ﴿٤٢﴾ |

*37 These sentences portray the nature of the court that will be established on the Day of Decision. It will be a court where nobody's help or support will help rescue any culprit nor have his sentence reduced. All powers will rest with the real Sovereign Whose decisions cannot be withheld from being enforced nor influenced by any power. It will entirely depend on His own discretion whether He forgives somebody mercifully, or awards him a lesser punishment. It indeed behooves Him to exercise justice mercifully and not mercilessly, but whatever decision He gives in any case, will be enforced entirely and completely. After this portrayal of the nature of the divine court, in the following few sentences it has been stated what will be the fate of those who will be found guilty in that court, and what will be conferred on those about whom it will be established that they had been refraining from Allah's disobedience in the world out of fear of Him.

*37 ان فقروں میں بتایا گیا ہے کہ فیصلے کے دن جو عدالت قائم ہوگی اس کا کیا نظام ہو گا۔ کسی کی مدد یا حمایت وہاں کسی مجرم کو نہ چھڑا سکے گی، نہ اس کی سزا کم ہی کرا سکے گی۔ کلی اختیارات اس حاکم حقیقی کے ہاتھ میں ہوں گے جس کے فیصلے کو نافذ ہونے سے کوئی طاقت روک نہیں سکتی، اور جس کے فیصلے پر اثر انداز ہونے کا بل بوتا کسی میں نہیں ہے۔ یہ بالکل اس کے اپنے اختیار تمیزی پر موقوف ہو گا کہ کسی پر رحم فرما کر اس کو سزا نہ دے یا کم سزا دے، اور حقیقت میں اس کی شان یہی ہے کہ انصاف کرنے میں بے رحمی سے نہیں بلکہ رحم ہی سے کام لے۔ لیکن جس کے مقدمے میں جو فیصلہ بھی وہ کرے گا وہ بہر حال بے کم و کاست نافذ ہو گا۔ عدالت الٰہی کی یہ کیفیت بیان کرنے کے بعد آگے کے چند فقروں میں بتایا گیا ہے کہ اس عدالت میں جو لوگ مجرم ثابت ہوں گے ان کا انجام کیا ہو گا، اور جن لوگوں کے بارے میں یہ ثابت ہو جائے گا کہ وہ دنیا میں خدا سے ڈر کر نافرمانیوں سے پرہیز کرتے رہے تھے، ان کو کن انعامات سے سرفراز کیا جائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| 43. Indeed, the tree of zaqqum. *38 | بلاشبہ درخت زقوم کا۔ *38 | إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّومِ ۙ ﴿٤٣﴾ |

*38 For details of *zaqqum*, see E.N. 34 of Surah As-Saaffat.
*38 زقوم کی تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، سورۃ الصافات، حاشیہ 34۔

| | | |
|---|---|---|
| 44. The food for the sinner. | کھانا گنہگاروں کا۔ | طَعَامُ الْأَثِيمِ ۚ ۖ ﴿٤٤﴾ |
| 45. Like molten copper, *39 it will boil in the bellies. | جیسے پگھلا ہوا تانبا۔ *39 کھولے گا پیٹوں میں۔ | كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ ۙ ﴿٤٥﴾ |

*39 The word *al-muhl* in the original has several meanings: molten metal, pus-blood, molten tar, lava, dregs of oil. These are the different meanings given by the lexicographers and commentators, but if this word is understood with reference to *zaqqum* (cactus), it may mean

its juice which will probably be like the dregs of oil.

*39 اصل میں لفظ ''المُهل'' استعمال ہوا ہے جس کے کئی معنی ہیں: پگھلی ہوئی دھات۔ پیپ لہو۔ پگھلا ہوا تارکول۔ لاوا تیل کی تلچھٹ۔ یہ مختلف معنی اہل لغت اور مفسرین نے بیان کیے ہیں۔ لیکن اگر زقوم سے مراد وہی چیز ہے جسے ہمارے ہاں تھوہر کہتے ہیں، تو اس کو چبانے سے جو رس نکلے گا، اغلب یہی ہے کہ وہ تیل کی تلچھٹ سے مشابہ ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| 46. Like the boiling of scalding water. | جس طرح کھولتا ہے گرم پانی۔ | كَغَلۡىِ الۡحَمِيۡمِ ﴿٤٦﴾ |
| 47. Seize him then drag him into the midst of hell. | پکڑ لو اسکو پھر گھسیٹو اسے بیچوں بیچ دوزخ کے۔ | خُذُوۡهُ فَاعۡتِلُوۡهُ اِلٰى سَوَآءِ الۡجَحِيۡمِ ﴿٤٧﴾ |
| 48. Then pour on his head as a punishment the scalding water. | پھر انڈیل دو اسکے سر پر عذاب کے طور پر گرم پانی۔ | ثُمَّ صُبُّوۡا فَوۡقَ رَاۡسِهٖ مِنۡ عَذَابِ الۡحَمِيۡمِ ﴿٤٨﴾ |
| 49. Taste. Indeed, you were the mighty, the noble. | مزہ چکھ یقیناً تو تھا زور آور عزت والا۔ | ذُقۡ ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡكَرِيۡمُ ﴿٤٩﴾ |
| 50. Indeed, this is what you used to doubt about. | یقیناً یہ ہے وہی کرتے تھے جس کے بارے میں تم شک۔ | اِنَّ هٰذَا مَا كُنۡتُمۡ بِهٖ تَمۡتَرُوۡنَ ﴿٥٠﴾ |
| 51. Indeed, the righteous will be in a place secured. *40 | یقینا پرہیزگار ہوں گے امن کے مقام میں۔ *40 | اِنَّ الۡمُتَّقِيۡنَ فِىۡ مَقَامٍ اَمِيۡنٍ ﴿٥١﴾ |

*40 A secure place: A place safe from every kind of fear,

grief, worry and danger, hardship and trouble. According to a Hadith, the Prophet (peace be upon him) said: It will be proclaimed to the dwellers of Paradise: You will remain in good health, will never fall ill, will live forever, will never die, will ever remain happy and prosperous and will never meet with a misfortune, will ever remain youthful, will never become old. (Muslim, on the authority of Abu Hurairah and Abu Saeed Khudri).

40*امن کی جگہ سے مراد ایسی جگہ ہے جہاں کسی قسم کا کھٹکا نہ ہو۔ کوئی پریشانی، کوئی خطرہ اور اندیشہ، کوئی مشقت اور تکلیف لاحق نہ ہو۔ حدیث میں آتا ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ”اہل جنت سے کہہ دیا جائے گا کہ یہاں تم ہمیشہ تندرست رہو گے کبھی بیمار نہ ہو گے، ہمیشہ زندہ رہو گے کبھی نہ مرو گے، ہمیشہ خوشحال رہو گے کبھی خستہ حال نہ ہو گے، ہمیشہ جوان رہو گے کبھی بوڑھے نہ ہو گے“ (مسلم بروایت ابوہریرہ و ابو سعید خدری)۔

| | | |
|---|---|---|
| 52. Amid gardens and springs. | باغوں میں اور چشموں میں۔ | فِیۡ جَنّٰتٍ وَّ عُیُوۡنٍ ﴿۵۲﴾ |
| 53. Dressed in silk and silk embroidery, *41 facing each other. | پہنے ہوں گے لباس ریشم اور دبیز ریشم کے *41 بیٹھے ہوئے آمنے سامنے۔ | یَّلۡبَسُوۡنَ مِنۡ سُنۡدُسٍ وَّ اِسۡتَبۡرَقٍ مُّتَقٰبِلِیۡنَ ﴿۵۳﴾ |

*41 *Sundus* and *istabraq* in the original are fine silk cloth and thick silk cloth respectively.

41*اصل میں سُنۡدُس اور اِسۡتَبۡرَق کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ سُنۡدُس عربی زبان میں باریک ریشمی کپڑے کو کہتے ہیں۔ اور اِسۡتَبۡرَق فارسی لفظ ستبر کا معرب ہے، اور یہ دبیز ریشمی کپڑے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 54. Thus, and We shall wed them to fair ones with lovely eyes. *42 | اسی طرح۔اور بیاہ دینگے ہم انہیں خوبصورت آنکھوں والی حوروں سے۔ *42 | كَذٰلِكَ ۚ وَ زَوَّجۡنٰهُمۡ بِحُوۡرٍ عِيۡنٍ ؕ ﴿۵۴﴾ |

*42 In the original, *hur-un ein* means fair complexioned, large-eyed women. (For further explanation, see E.Ns 26,29 of Surah As-Saaffat).

*42اصل الفاظ ہیں حُوۡرٌ عِیۡن ۔ حور جمع ہے حوراء کی اور حوراء عربی زبان میں گوری عورت کو کہتے ہیں۔اور عِین جمع ہے عَیناء کی، اور یہ لفظ بڑی بڑی آنکھوں والی عورت کے لیے بولا جاتا ہے۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو الصافات، حاشیہ 26 و29 )

| | | |
|---|---|---|
| 55. They will ask therein for every kind of fruit in security. *43 | طلب کریں گےوہ وہاں ہر قسم کے پھل امن کیساتھ۔ *43 | يَدۡعُوۡنَ فِيۡهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيۡنَ ۙ ﴿۵۵﴾ |

*43 That is, they will order the attendants in Paradise to bring anything they would like in any measure they would demand, and it will be presented before them. In this world, a man cannot ask for a thing in an inn, or even his own things in his own house, with the freedom and satisfaction as he will ask for these in Paradise. For, in the world nothing is found anywhere in unlimited measure, whatever man uses here, he has to pay for it. In Paradise, things will belong to Allah, and the servants will enjoy full freedom to use them. Neither will there be the danger of the failure of the supply, nor the necessity of a bill to pay.

*43"اطمینان سے" طلب کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جو چیز جتنی چاہیں گے بے فکری کے ساتھ جنت

کے خادموں کو اس کے لانے کا حکم دیں گے اور وہ حاضر کر دی جائے گی۔ دنیا میں کوئی فرد، ہوٹل تو درکنار، خود اپنے گھر میں اپنی چیز بھی اس اطمینان سے طلب نہیں کر سکتا جس طرح وہ جنت میں طلب کرے گا۔ کیونکہ یہاں کسی چیز کے بھی ذخیرے کسی کے پاس نہیں ہوتے، اور جو چیز بھی آدمی استعمال کرتا ہے اس کی قیمت بہر حال اس کی اپنی جیب ہی سے جاتی ہے۔ جنت میں مال اللہ کا ہوگا اور بندے کو اس کے استعمال کی کھلی اجازت ہوگی۔ نہ کسی چیز کے ذخیرے ختم ہو جانے کا خطرہ ہوگا نہ بعد میں بل پیش ہونے کا کوئی سوال۔

| | | |
|---|---|---|
| لَا يَذُوقُونَ فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ﴿٥٦﴾ | نہیں مزہ چکھیں گے وہ وہاں موت کا سوائے پہلی موت کے۔ اور وہ بچا لے گا انکو عذاب سے دوزخ کے۔ *44 | 56. They will not taste therein death except the first death. And He will save them from the punishment of Hell. *44 |

*44 Two things are worthy of notice in this verse.

First, after mentioning the blessings of Paradise, special mention has been made of being secure from Hell separately whereas a person’s entry into Paradise by itself amounts to his being safe from Hell. This is because man can feel the worth of the reward of obedience fully only when he is informed what end the disobedient people have met and from what evil end he himself has ban saved.

Secondly, Allah is mentioning those people’s safety from Hell and their entry into Paradise as a result of His own grace. This is meant to warn man of the truth that this success cannot be achieved by any person unless he is blessed by Allah’s grace. Although man will be rewarded for his own good deeds, in the first place he cannot do good unless favored by Allah’s succor; then even the best deed

that man is able to perform, cannot be absolutely perfect and none can claim that it is flawless and faultless. It is only Allah's bounty that He should overlook the servant's weaknesses and defects in his actions and accept his services and bless him with rewards; otherwise if He resorts to minute accountability, no one can dare claim to win Paradise only on the strength of his own deeds. The same thing has been said by the Prophet (peace be upon him) in a Hadith to the effect: Act and try to act as righteously as you possibly can, but know that the action of a person alone will not make him enter Paradise. It was asked: What about your own action, O Messenger of Allah? He replied: Yes, even I won't enter Paradise on the strength of my actions, unless of course, my Lord covers me up in His mercy.

44* اس آیت میں دو باتیں قابل توجہ ہیں:

ایک یہ کہ جنت کی نعمتوں کا ذکر کرنے کے بعد جہنم سے بچائے جانے کا ذکر خاص طور پر الگ فرمایا گیا ہے، حالاں کہ کسی شخص کا جنت میں پہنچ جانا آپ سے آپ اس امر کو مستلزم ہے کہ وہ جہنم میں جانے سے بچ گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فرمانبرداری کے انعام کی قدر انسان کو پوری طرح اسی وقت محسوس ہو سکتی ہے جبکہ اس کے سامنے یہ بات بھی ہو کہ نافرمانی کرنے والے کہاں پہنچے ہیں، اور وہ کس برے انجام سے بچ گیا ہے۔

دوسری قابل توجہ بات اس میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے جہنم سے بچنے اور جنت میں پہنچنے کو اپنے فضل کا نتیجہ قرار دے رہا ہے۔ اس سے انسان کو اس حقیقت پر متنبہ کرنا مقصود ہے کہ یہ کامیابی کسی شخص کو نصیب نہیں ہو سکتی جب تک اللہ کا فضل شامل حال نہ ہو۔ پھر جو بہتر سے بہتر عمل بھی آدمی سے بن آسکتا ہے وہ کبھی کامل واکمل نہیں ہو سکتا جس کے متعلق دعوے سے یہ کہا جا سکے کہ اس میں نقص کا کوئی پہلو نہیں ہے۔ یہ اللہ ہی کا فضل ہے کہ وہ بندے کی کمزوریوں اور اس کے عمل کی خامیوں کو نظر انداز کر کے

اس کی خدمات کو قبول فرمالے اور اسے انعام سے سرفراز فرمائے ۔ ورنہ باریک بینی کے ساتھ حساب کرنے پر وہ اتر آئے تو کس کی یہ ہمت ہے کہ اپنی قوت بازو سے جنت جیت لینے کا دعویٰ کر سکے ۔ یہی بات ہے جو حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہوئی ہے ۔ آپ نے فرمایا: اعملوا وسددوا وقاربوا واعلموا انّ احداً لن یُّدخلہٗ عملہ الجنۃ۔ " عمل کرو اور اپنی حد استطاعت تک زیادہ سے زیادہ ٹھیک کام کرنے کی کوشش کرو، مگر یہ جان لو کہ کسی شخص کو محض اس کا عمل ہی جنت میں نہ داخل کر دے گا۔" لوگوں نے عرض کیا " یا رسول اللہ ، کیا آپ کا عمل بھی"؟ فرمایا وَلَا اَنَا اِلَّآ اَنْ یتغمّدنی اللہ بِرَحْمَتِہٖ، " ہاں میں بھی محض اپنے عمل کے زور سے جنت میں نہ پہنچ جاؤں گا الاّ یہ کہ مجھے میرا رب اپنی رحمت سے ڈھانک لے "۔

| | | |
|---|---|---|
| 57. A bounty from your Lord. Such is that, the supreme triumph. | یہ فضل ہے تیرے رب کا ۔ یہی تو ہے وہ کامیابی بہت بڑی ۔ | فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ |
| 58. Then indeed, We have made this easy in your tongue, in order that they may give heed. | تو درحقیقت آسان کر دیا ہم نے اسکو تمہاری زبان میں شاید کہ وہ نصیحت حاصل کریں ۔ | فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ |
| 59. Wait then, indeed, they too are waiting. *45 | پس تم انتظار کرو وہ بھی انتظار کر رہے ہیں ۔ *45 | فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ |

*45 That is, if they do not accept the admonition even now, you should wait to see how they are visited by their doom; and they are also waiting to see what becomes of the message that you are giving them.

45*یعنی اب اگر یہ لوگ نصیحت قبول نہیں کرتے تو دیکھتے رہو کہ ان کی کس طرح شامت آتی ہے، اور یہ بھی منتظر ہیں کہ دیکھیں تمہاری اس دعوت کا کیا انجام ہوتا ہے۔